Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات، 30 اپریل 2026ء، 12 ذیقعد 1447ھ، قیمت 10روپے | شمارہ 18

چائلڈ میرج بل کی منظوری: عظمیٰ بخاری کا سپیکر ملک محمد احمد خان کو خراجِ تحسین

اسمبلی اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر نے اس حساس قانون سازی کو سنبھالنے میں اسپیکر کی مدبرانہ صلاحیتوں کو سراہا، بیٹیوں کو سماجی دباؤ کی نذر کرنے کا دور ختم ہو چکا: عظمیٰ بخاری

انہوں نے چائلڈ میرج ایکٹ کی منظوری کو ایک تاریخی سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے معاشرے میں مثبت تبدیلی آئے گی اور کم عمری کی شادیوں کے خلاف واضح پیغام جائے گا

وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پنجاب اسمبلی میں "چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ" کے حوالے سے گفتگو کررہی ہیں

لاہور(این ای این) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے پنجاب اسمبلی میں چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ کی منظوری میں مؤثر اور جرات مندانہ قیادت پر اسپیکر ملک محمد احمد خان کو بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اسمبلی اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر نے اس حساس قانون سازی کو سنبھالنے میں اسپیکر کی مدبرانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے متوازن اور جامع اند(بقیہ نمبر 1)

آبنائے ہرمز کی بندش عالمی امن اور ترقی پذیر ممالک کیلئے سنگین خطرہ ہے

جدید معیشتیں بڑی حد تک بلاتعطل بحری تجارت پر انحصار کرتی ہیں، عاصم افتخار احمد

سمندری راستوں کا تحفظ نہ صرف تجارت بلکہ ترقیاتی اور سلامتی کے اہداف کیلئے بھی ناگزیر ہے

نیویارک(یواین پی) پاکستان نے آبنائے ہرمز کے بحران کے دوران سفارت کاری اور بحری تعاون پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی بحری راستوں میں رکاوٹ، خاص طور پر آبنائے ہرمز کی بندش، بین الاقوامی امن، معاشی استحکام اور ترقی پذیر ممالک (بقیہ نمبر 2)

سوشل میڈیا پر جنسی ہراسگی کیخلاف سی سی ڈی طرز کا ادارہ بنانے کی منظوری

سوشل میڈیا ہراسگی، بلیک میلنگ اور آن لائن جرائم پر پولیس کو براہ راست کارروائی کے اختیارات مل گئے

لاہور(یواین پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سوشل میڈیا پر خواتین اور بچوں کی جنسی ہراسگی کے خلاف سی سی ڈی طرز کا ادارہ بنانے کی منظوری دیدی۔ تفصیلات کے مطابق سائبر کرائم کیسز میں پولیس کو کارروائی(بقیہ نمبر 5)

پاکستان میں کرپشن بارے آئی ایم ایف رپورٹ متعصب اور نامناسب ہے

آئی ایم ایف سے اعتماد اٹھ گیا، ان کو ہم نے بہت جگہ دی وہ ابھی بیڈروم تک آرہا ہے جنرل (ر) نذیر احمد

اسلام آباد(یواین پی) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا ہے کہ پاکستان میں کرپشن سے متعلق آئی ایم ایف کی رپورٹ متعصب اور نامناسب ہے۔ سینئر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین نیب (بقیہ نمبر 4)

جنگ سے معاشی بہتری کی کوششوں کو شدید نقصان پہنچا، وزیراعظم

کفایت شعاری اقدامات جاری، مشکل وقت سے سرخرو ہو کر نکلیں گے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد(یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیام امن کیلئے متواتر کوششیں کیں جو ہنوز جاری ہیں، جنگ کی وجہ سے ہمارا معاشی ترقی کا سفر رک گیا، پٹرولیم(بقیہ نمبر 3)

وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ، ڈاکٹر مصدق ملک اسلام آباد میں جانوروں پر ظلم کے خلاف کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا پاکستان سمیت دنیا بھر میں کے زلزلہ اور دیگر قدرتی آفات کے متاثرین سے اظہار یکجہتی

تباہ کن زلزلے میں بچھڑنے والوں کی یاد آج بھی باقی ہے: مریم نواز شریف

زلزلہ متاثرین کے عالمی دن پر پنجاب کو زیادہ مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ، قدرتی آفات سے بچاؤ کے موثر حکومتی اقدامات عوام میں احساس تحفظ پیدا کرتے ہیں

پنجاب کے حالیہ سیلاب میں ہزاروں متاثرین کے بچاؤ، بحالی اور امداد کے لئے ریکارڈ وقت میں تاریخی کام کیا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا زلزلہ متاثرین کے عالمی دن پر پیغام

لاہور(نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں کے زلزلہ اور دیگر قدرتی آفات کے متاثرین سے اظہار یکجہتی کیا اور زلزلہ متاثرین کے عالمی دن پر پنجاب کو زیادہ مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ زلزلہ متاثرین کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ 2005ء کے ہولناک زلزلہ متاثرین کے ہزاروں خاندانوں کے غم میں شریک ہیں۔ 2005 کے تباہ کن زلزلے(بقیہ نمبر 6)

بلوچستان، مختلف علاقوں میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعات میں 4افراد

کوئٹہ(یواین پی) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعات میں 4افراد جاں بحق ہوگئے۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان کے مطابق صوبے کے مختلف علاقوں (بقیہ نمبر22)

معرکہ حق کے ہیرو لیفٹیننٹ کرنل محمد شاہزیب رفیع کی شاندار جنگی داستان

مثالی کارکردگی اور بہادری کے اعتراف میں تمغہ بسالت سے نوازا گیا

اسلام آباد(یواین پی) معرکہ حق کے دوران لیفٹیننٹ کرنل محمد شاہزیب رفیع نے اپنی غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے آرٹلری یونٹ کی کمانڈ سنبھالی اور دشمن کے خلاف موثر حکمت عملی اپنائی۔ 6اور 7مئی 2025 کی(بقیہ نمبر 23)

وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کررہے ہیں۔

سانحہ 9 مئی 11 مقدمات، کورٹ ویڈیو لنک سسٹم فعال نہ ہونے سے سماعت ملتوی

وکلائے صفائی کی 9 مئی کیسز میں مشاورت کیلئے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی استدعا مسترد

عدالت نے آئندہ تاریخ پر تمام کیسز میں چالان نقول تقسیم کرنے کا پراسس مکمل کروانے کا حکم دے دیا

راولپنڈی(یواین پی) انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ 9 مئی کے 11 مقدمات کی سماعت اڈیالہ جیل اور کورٹ ویڈیو لنک سسٹم فعال نا ہونے کے سبب 19 مئی تک ملتوی کر دی۔ منگل کو اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ نے مقدمات کی سماعت کی، 11 مقدمات کے تفتیشی افسران کی بھی حاضری مکمل نا ہو سکی جبکہ بانی چیئرمین تحریک انصاف کی اڈیالہ جیل روبکار سے حاضری لگائی گئی۔ منگل(بقیہ نمبر 7)

بھارتی تربیت یافتہ دہشتگرد عبدالمجید کی گرفتاری

پاکستان میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کے ناقابل تردید شواہد منظرعام پر آگئے

عبدالمجید سے برآمد مواد نے پاکستان میں بھارتی ریاستی دہشتگردی کا پول کھول دیا

راولپنڈی(یواین پی) پاکستان میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کے ناقابل تردید شواہد منظرعام پر آچکے ہیں۔ فالس فلیگ آپریشنز اور سرحد پار دہشتگردی کے ذریعے اپنی سیاسی ناکامیوں سے توجہ ہٹانا مودی سرکار کا وطیرہ بن چکا ہے، بھارتی تربیت یافتہ دہشتگرد عبدالمجید کی گرفتاری اوراس سے برآمد مواد نے پاکستان میں بھارتی ریاستی دہشتگردی کا پول کھول دیا ہے۔ ایک رپورٹ(بقیہ نمبر 24)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق، وزیراطلاعات عظمیٰ بخاری اور مشیر وزیراعلیٰ ذیشان ملک لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کی سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہیں۔

راولپنڈی، نوجوان سے مبینہ زیادتی کے کیس میں 2ملزمان گرفتار

راولپنڈی(یواین پی) راولپنڈی میں تھانہ پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 19 سالہ نوجوان سے مبینہ زیادتی کے کیس میں دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مقدمے کے متن کے مطابق متاثرہ نوجوان کو بہانے سے دفتر بلا کر مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس (بقیہ نمبر 25)

چین کی افریقی ممالک کے لئے زیرو ٹیرف پالیسی

پالیسی باہمی فوائد کی بنیاد پر دوطرفہ جیت کو فروغ دیتی ہے، رپورٹ

بیجنگ (یواین پی) یکم مئی کو، چین اپنے ساتھ سفارتی تعلقات رکھنے والے 53افریقی ممالک کی مصنوعات پر زیرو ٹیرف نافذ کرے گا، جس میں کسی قسم کی حد بندی یا سیاسی شرط شامل نہیں ہے۔ یہ چین کی اعلیٰ سطح کی کھلی پالیسی کو بڑھانے کا ایک سنگ میل اقدام ہے، اور افریقہ کے ساتھ "سچائی، قربت، دیانتداری" کے تصور کو عملی جامہ پہنانے، اور چین-افریقہ ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو گہرا کرنے کا ایک زندہ ثبوت بھی ہے۔ یہ قدم چین-افریقہ تعاون میں نئی اور مضبوط توانائی پیدا کرے گا اور باہمی(بقیہ نمبر18)

جاپانی سیاست دانوں کا یاسوکونی شرائن کا دورہ تاریخ اور انسانی ضمیر کی

بیجنگ (یواین پی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیان نے معمول کی پریس کانفرنس میں جاپانی سیاست دانوں کے یاسوکونی شرائن کے دورے پر سخت ردعمل ظاہر کیا۔ منگل کے روز ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ نام نہاد یاسوکونی شرا(بقیہ نمبر 13)

حکومت کی آئی ایم ایف کو نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 10فیصد تک فنڈز مختص کرنے کی یقین

مالی مسائل کے باعث آئندہ مالی سال ترقیاتی بجٹ محدود رکھنے کی تجویز

اسلام آباد(یواین پی) نئے مالی سال 27-2026 کیلئے بجٹ تجاویز پر کام جاری ہے، حکومت نے آئی ایم ایف کو نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 10فیصد تک فنڈز مختص کرنے کی یقین دہانی کروادی۔ نجی ٹی وی کے مطابق مالی مسائل کے باعث آئندہ مالی سال بھی ترقیاتی بجٹ محدود رکھنے کی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ نے پی ایس ڈی پی تین ہزار ارب روپے مختص کرنے کی تجویز مسترد کردی، مختلف وزارتوں اور ڈویژنز نے(بقیہ نمبر 8)

2026 بھی جنگ کا سال رہے گا، اسرائیلی آرمی چیف نے مزید افرادی قوت

اسرائیلی فوج 2023 سے متعدد محاذوں پر جنگ میں مصروف

تل ابیب (یواین پی) اسرائیل کے آرمی چیف لیفٹیننٹ جنرل ایال ضمیر نے خبردار کیا ہے کہ سال 2026 بھی اسرائیل کے لیے مختلف محاذوں پر جنگ کا سال ہوسکتا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی آرمی چیف نے کہا کہ اکتوبر 2023 سے اسرائیلی فوج مسلسل ایک ملٹی فرنٹ مہم میں مصروف ہے اور یہ رواں بھی جاری رہے گی(بقیہ نمبر 12)

چین کے ساتھ سفارتی تعلقات رکھنے والے تمام افریقی شراکت دار ممالک

بیجنگ(یواین پی) چین کی ریاستی کونسل کے ٹیرف کمیشن نے اعلان کیا کہ چین یکم مئی 2026 سے 30 اپریل 2028 تک ان 20 افریقی ممالک کی درآمدات پر ترجیحی بنیادوں پر صفر کسٹم ڈیوٹی نافذ کرے گا جو چین کے ساتھ سفارتی تعلقات رکھتے ہیں مگر کم ترقی یافتہ ممالک کی فہرست میں(بقیہ نمبر 16)

چین، سی پی سی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کا اجلاس

چین کی معیشت نے مضبوط بنیادوں کے ساتھ پیش رفت کی ہے

بیجنگ (یواین پی) کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں موجودہ اقتصادی صورتحال اور معاشی امور کا جائزہ لیا گیا۔ منگل کے روز اجلاس کی صدارت سی پی سی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکریٹری شی جن پھنگ نے کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ رواں سال کے آغاز سے چین کی معیشت نے مضبوط بنیادوں کے ساتھ پیش رفت کی ہے، اہم معاشی اشاریے توقعات سے بہتر رہے ہیں اور معیشت نے نمایاں لچک اور توانائی کا مظاہرہ کیا ہے۔ تاہم اس کے ساتھ کچھ مشکلات اور چیلنجز بھی درپیش ہیں، اور معیشت کی مسلسل بہتری کے لیے بنیاد کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے(بقیہ نمبر 17)

انڈونیشیا میں "شی جن پھنگ: دی گورننس آف چائنا" کی جلد پنجم کے انگریزی ایڈیشن کی تشہیری تقریب کا انعقاد

بیجنگ (یواین پی) "شی جن پھنگ: دی گورننس آف چائنا" کی جلد پنجم کے انگریزی ایڈیشن کی تشہیری تقریب اٹھائیس تاریخ کو انڈونیشیا کے دارالحکومت جکارتہ میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں دونوں ممالک کے اشاعتی اداروں، تھنک ٹینکس اور میڈیا سمیت مختلف شعبہ(بقیہ نمبر 15)

صدر آصف علی زرداری ہانگکو وجن جیانگ گروپ کے سی ای او مسٹر وانگ جیان سے ملاقات کررہے ہیں۔

ٹرمپ پر حملے کا ملزم عدالت میں پیش، قتل کرنیکی کوشش کا الزام عائد

ملزم کو عارضی طور پر حراست میں لینے کا حکم، کیس کی مزید سماعت جمعرات کو ہوگی

واشنگٹن (یواین پی) وائٹ ہاؤس کے نامہ نگاروں کے ڈنر میں فائرنگ کرنے والے شخص کو امریکی عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ملزم پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو قتل کرنے کی کوشش کا الزام عائد کیا گیا۔ جج نے ملزم کو عارضی(بقیہ نمبر 14)

پاکستان کی مذاکرات میں کوششیں حقیقی معنوں میں سفارت کاری کہلاتی ہیں

وزارت خارجہ کے تجربہ کار، قابل اور کیریئر ڈپلومیٹس کو دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں

اسلام آباد(یواین پی) ایرانی سفیر رضا امیری نے ایران امریکا مذاکرات میں پاکستانی قیادت کی انتھک محنت اور کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی مذاکرات میں کوششیں حقیقی معنوں میں سفارت کاری کہلاتی ہیں۔ پاکستان میں ایرانی سفیر رضا(بقیہ نمبر 20)

برطانوی شاہ چارلس اور ملکہ کمیلا وائٹ ہاؤس پہنچ گئے، ٹرمپ نے استقبال کیا

شاہ چارلس دورہ امریکا میں امریکی کانگریس سے خطاب اور نائن الیون کی یادگار

لندن (یواین پی) برطانوی شاہ چارلس اور ملکہ کمیلا وائٹ ہاؤس پہنچ گئے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ برطانوی بادشاہ چارلس امریکا میں مکمل محفوظ ہوں گے، شاہ چارلس کا آنا بہت اچھی (بقیہ نمبر 19)

سرگودھا: ڈپٹی کمشنر حسنین احمد رضا چوہدری کی ہدایت پر غیر قانونی ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنے والی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن۔

غیر قانونی ایل پی جی سلنڈر استعمال پر کریک ڈاؤن، 38 گاڑیاں بند

اڈوں سے ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنے والی گاڑیوں کو چلنے کی اجازت نہ دیں

سرگودھا (طارق محمود قاسمی) ڈپٹی کمشنر حسنین احمد رضا چوہدری کی ہدایت پر غیر قانونی ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنے والی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری آر ٹی اے ملک محمد طاہر نے سخت قانونی کارروائی کے احکامات جاری کرتے ہوئے خصوصی سکواڈز تشکیل دے دیے ہیں، جو روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں کررہے ہیں۔ تمام بس اسٹینڈ مالکان کو بھی ہدایت کی گئی، بصورت دیگر متعلقہ بس اسٹینڈز کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جاری رپورٹ کے مطابق رواں سال (بقیہ نمبر 29)



MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

مذہبی ایڈیشن

اخلاص کی حقیقت، فضیلت، فوائد اور ثمرات

ریاکاری یہ ہے کہ بندے کا ظاہر اس کے باطن سے بہتر اور اچھا ہو، اور سچا اخلاص یہ ہے کہ بندے کا باطن اس کے ظاہر سے زیادہ پختہ اور پایدار ہو

مسلمان اپنے قول وعمل، جملہ تصرفات اور ساری تعلیمات وتوجیہات سے صرف اللہ واحد کی ذات کا قصد کرے

مولانا رضوان اللہ پشاوری

اخلاص تمام اعمال کی روح ہے اور وہ عمل جس میں اخلاص نہ ہو اُس جسم کے مانند ہے جس میں روح نہ ہو، گویا اخلاص عبادات واعمال میں روح کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہر انسان کا بنیادی مطمحِ نظر یہی ہونا چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کر کے اس کی رضا کو حاصل کرے اور جنت کا دخول انھیں نصیب ہو، اس مقصد کے لیے اخلاص کا ہونا ضروری ہے، اللہ تعالیٰ کے یہاں اعمال کا حسن معتبر ہے نہ کہ محض کثرت، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا (الملک) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اعمال کے حسن کو جانچنے کا تذکرہ کیا ہے، کثرت کا نہیں، چناں چہ اعمال کی قبولیت اور اس پر اجر و ثواب کے حصول کے لیے اس میں روحانیت و اخلاص اور کیفیت کا اعتبار ہے نہ کہ محض تعداد یا قلت وکثرت کا۔ حضرات مفسرین نے آیت کے لفظ ''اَحْسَنَ عَمَلًا'' کا یہی مطلب بیان کیا ہے کہ اس سے وہ عمل مراد ہے جو اخلاص پر مبنی ہو اور شریعت کے مطابق ہو۔ اس آیت کے پیش نظر علما ومحققین نے اعمالِ صالحہ کی قبولیت کے لیے دو شرطیں ذکر کی ہیں: (۱) اخلاص یعنی وہ عمل صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے کیا جائے۔ (۲) اتباعِ سنت یعنی وہ عمل قرآن وسنت کی تعلیمات کے موافق ہو۔ بدعت یا کسی اور طرح سے خلافِ شرع نہ ہو۔

اخلاص کی حقیقت:

اخلاص کی حقیقت یہ ہے کہ بندہ اپنے عمل سے محض اللہ واحد کی قربت کا طالب ہو، اہلِ علم نے اخلاص کی کئی تعریفیں ذکر کی ہیں جو ایک دوسرے سے قریب قریب ہیں: (۱) ایک تعریف یہ کی گئی ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو اطاعت میں تنہا مقصود جاننا اخلاص کہلاتا ہے۔ (۲) ایک تعریف یہ کی گئی ہے کہ اخلاص یہ ہے کہ بندہ کے اعمال ظاہر و باطن ہر دو صورت میں برابر ہوں اور ریاکاری یہ ہے کہ بندے کا ظاہر اس کے باطن سے بہتر اور اچھا ہو، اور سچا اخلاص یہ ہے کہ بندے کا باطن اس کے ظاہر سے زیادہ پختہ اور پایدار (بارونق) ہو۔ (۳) ایک تعریف یہ کی گئی ہے کہ عمل کو ہر طرح کی آمیزش سے پاک وصاف رکھنا اخلاص کہلاتا ہے۔ (مدارج السالکین ازابن قیمؒ)

سابق تعریفوں سے واضح ہوا کہ اخلاص: عمل کو اللہ واحد کی طرف پھیرنے اور اس سے قربت حاصل کرنے کا نام ہے، جس میں کوئی ریا ونمود، زائل ہونے والے ساز وسامان کی طلب اور بناوٹ نہ ہو، بل کہ بندہ صرف اللہ واحد کے ثواب کی امید کرے، اس کے عذاب سے ڈرے اور اس کی رضامندی کا حریص ہو۔ اسی لیے امام قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں: ''لوگوں کی وجہ سے عمل ترک کر دینا ریاکاری اور لوگوں کی خاطر عمل کرنا شرک ہے۔ اور اخلاص یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمھیں ان دونوں چیزوں سے عافیت میں رکھے۔ (مدارج السالکین ازابن قیمؒ)

مسلمان کی زندگی میں اخلاص یہ ہے کہ وہ اپنے قول وعمل، جملہ تصرفات اور ساری تعلیمات و توجیہات سے صرف اللہ واحد کی ذات کا قصد کرے، جس کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ اس کے سوا کوئی پالنہار ہے۔

اخلاص کے متعلق ایک عجیب واقعہ:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے یہ فرماتے ہوئے سنا، تم سے پہلے کسی امت کے تین آدمی سفر پر روانہ ہوئے۔ راستے میں رات گزارنے کے لیے ان کو ایک غار ملا۔ وہ اس کے اندر داخل ہو کر سو گئے۔ اتفاق سے پہاڑ کی ایک چٹان پھسلی اور غار کے منہ پر آ گئی جس سے غار کا راستہ بالکل بند ہو گیا۔ صبح بیدار ہو کر جب انھوں نے آپس میں کہا کہ اس چٹان کی مصیبت سے نجات حاصل کرنے کے لیے اپنی اپنی زندگی کے سب سے زیادہ اچھے اور نیک عمل کا واسطہ دے کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرو۔ تو ان میں سے ایک مسافر نے کہا، اے اللہ تو جانتا ہے کہ میرے بہت بوڑھے عمر رسیدہ ماں باپ تھے اور میں ان سے پہلے اپنے کسی بیوی بچے، لونڈی یا غلام کو شام کا دودھ پینے کے لیے نہیں دیا کرتا تھا۔ پہلے والدین کو پلاتا پھر دوسروں کو۔ یہ روز کا معمول تھا۔ اتفاق سے ایک دن میں چارے کی تلاش میں بہت دور نکل گیا اور گھر اتنی دیر سے واپس آیا کہ میرے ماں باپ انتظار کرتے کرتے بھوکے سو گئے۔ میں ان کے لیے بکریوں کا دودھ نکال کر لایا۔ دیکھا کہ دونوں گہری نیند میں سو رہے ہیں۔ میں نے ان کے آرام کا خیال کرتے ہوئے نہ ان کو جگانا پسند کیا اور نہ ہی ان سے پہلے بیوی بچوں وغیرہ کو دودھ پلانا گوارا کیا اور رات بھر ان کے سرہانے دودھ کا پیالہ ہاتھ میں لیے کھڑا رہا اور ان کے جاگنے کا انتظار کرتا رہا۔ یہاں تک کہ صبح ہو گئی اور بچے رات بھر بھوک سے میرے قدموں میں پڑے بلکتے رہے۔ بہ ہرحال جب وہ بیدار ہو گئے اور انھوں نے اپنے حصے کا دودھ پی لیا پھر ہم سب نے پیا۔ اے اللہ! اگر میں نے ماں باپ کا یہ احترام اور خدمت تیری رضا کے لیے کیا ہو تو اس نیک عمل کے واسطے سے ہم سب کو اس چٹان کی مصیبت سے نجات دے۔ اس دعا کے بعد وہ چٹان تھوڑی سی ہٹ گئی مگر اس سے وہ نکل نہیں سکتے تھے۔ دوسرے مسافر نے کہا، اے اللہ! تو جانتا ہے کہ میرے چچا کی ایک لڑکی تھی جو مجھے سب سے زیادہ محبوب تھی۔ دوسری روایت میں ہے کہ مجھے اس لڑکی سے اس سے بھی زیادہ شدید محبت تھی جتنی کسی مرد کو ایک عورت سے ہوتی ہے۔ میں نے اس کو اپنی ہوس کا شکار بنانے کے لیے کافی ڈورے ڈالے۔ مگر اس نے صاف انکار کر دیا۔ اتفاق سے ایک موقع پر وہ خاندان کے ساتھ شدید ترین قحط میں مبتلا ہو گئی۔ فقر و فاقہ سے مجبور ہو کر وہ میرے پاس مدد مانگنے آئی تو میں نے اسے ایک سو بیس دینار اس شرط پر دیے کہ وہ مجھے تنہائی میں اپنے نفس پر قدرت دے۔ مجبوراً وہ اس پر آمادہ ہو گئی۔ جب میں نے اس پر قابو پا لیا۔ ایک روایت کے مطابق جب میں اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان بیٹھ گیا تو اس نے بڑی عاجزی سے کہا، اے خدا کے بندے اپنے پروردگار سے ڈر، حق کے بغیر اس مہر کو مت توڑ، یہ امانت ہے۔ الٰہی تیرے خوف سے میں فوراً ہٹ گیا۔ حالاں کہ مجھے اس سے بے انتہا محبت تھی۔ قابو بھی پا چکا تھا۔ جو چاہتا کرتا اور وہ سونے کے سکے جو میں نے اس کو دیے تھے اسی کے پاس چھوڑ دیا۔ اے خدا! اگر میں نے یہ نیک کام صرف تیری رضا کے لیے کیا ہو تو اس مصیبت کو جس میں ہم گرفتار ہیں دور کر دے۔ اس دعا کے بعد چٹان اور تھوڑی سی ہٹ گئی مگر پھر بھی وہ غار سے نہیں نکل سکتے تھے۔ تیسرے مسافر نے کہا، اے اللہ! تو جانتا ہے کہ میں نے ایک بار چند مزدوروں سے کام کرایا اور کام ختم ہونے کے بعد میں نے ان سب کی اجرت بھی دے دی۔ ایک مزدور نے کسی وجہ سے اجرت نہیں لی اور چلا گیا تو میں نے اس کی مزدوری کی رقم کو کاروبار میں لگا دیا۔ یہاں تک کہ وہ رقم بڑھتے بڑھتے بہت زیادہ مال بن گئی۔ تب وہ مزدور ایک دن آیا اور اس نے کہا، اے اللہ کے بندے! میری اجرت مجھے دے دے۔ میں نے کہا یہ اونٹ، گائیں، بکریاں اور لونڈی غلام سب تیری اجرت کی پیداوار ہیں آؤ اور شوق سے لے جاؤ۔ مزدور نے کہا، اللہ کے بندے! میرے ساتھ دل لگی نہ کر۔ میں نے کہا، میں تمھارے ساتھ کچھ بھی مذاق نہیں کر رہا ہوں۔ یہ تمام چیزیں درحقیقت تمھاری اجرت کا نتیجہ ہے۔ اس نے وہ سب مویشی اور لونڈی غلام مجھ سے لے لیے اور سب کو ہانکتا ہوا لے گیا اور کچھ نہیں چھوڑا۔ اے اللہ! اگر یہ نیک کام میں نے صرف تیرے لیے کیا ہے تو اس کے طفیل میں اس مصیبت کو دور کر دے جس میں ہم تمام گرفتار ہیں۔ چناں چہ چٹان غار کے منہ سے بالکل ہٹ گئی اور تینوں باہر نکل آئے۔ (ریاض الصالحین)

یہ واقعہ بیان فرما کر نبی کریم ﷺ نے اپنی امت کو ایسے نیک اعمال اور بلند کردار کی ترغیب دی ہے جو اخلاص اور تقویٰ پر مبنی ہو یعنی رات کی تاریکی اور تنہائی میں بھی عمل اور کردار کا وہی نہج رہے جو دن کے اجالے اور لوگوں کی عام نگاہوں میں ہوا کرتا ہے۔ کوئی بھی عبادت اور عمل انجام پاتے ہوئے بندے کا اللہ تعالیٰ سے راست تعلق ہونا چاہیے۔ جو غیر کی شرکت سے بالکل پاک اور منزہ ہو۔ جب کسی کام کا محرک محض نیک جذبہ اور اللہ کی رضا ہو تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس کی بنیاد میں اخلاص کا پانی شامل ہے جو بہت جلد ایک معمولی تحریک کو تناور درخت کی شکل میں تبدیل کر دیتا ہے۔ ہر انسان کو اپنے اعمال کا محاسبہ کرنا چاہیے کہ اخلاص کی کتنی قوت ان میں شامل ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ نام ونمود اور ریاکاری کی جڑیں آہستہ آہستہ ہماری زندگیوں میں مضبوط ہو جائیں اور ان کی نحوست نماز، روزہ اور دوسری عبادتوں کو بے جان اور کھوکھلی بنا دے۔

اخلاص کے فوائد وثمرات:

اخلاص کے بڑے اچھے ثمرات اور بڑے عظیم اور جلیل القدر فوائد ہیں، ان میں سے چند فوائد درج ذیل ہیں:

☆ دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں اخلاص کے فضائل وثمرات میں سے ہیں۔

☆ اخلاص اعمال کی قبولیت کا سب سے عظیم سبب ہے، بشرطے کہ نبی کریم ﷺ کی اتباع شامل ہو۔

☆ اخلاص کے نتیجہ میں بندے کو اللہ کی اور پھر فرشتوں کی محبت حاصل ہوتی ہے اور زمین (والوں کے دلوں) میں اس کی مقبولیت لکھ دی جاتی ہے۔

☆ اخلاص عمل کی اساس اور اس کی روح ہے۔

☆ اخلاص تھوڑے عمل اور معمولی دعا پر بیش بہا اجر اور عظیم ثواب عطا کرتا ہے۔

☆ مخلص کا ہر عمل جس سے اللہ کی خوشنودی مقصود ہو لکھا جاتا ہے، وہ عمل مباح ہی کیوں نہ ہو۔

☆ مخلص جس عمل کی بھی نیت کرے لکھ لیا جاتا ہے گرچہ اسے انجام نہ دے سکے۔

☆ مخلص اگر سو جائے یا بھول جائے تو معمول کے مطابق جو عمل کرتا تھا اسے لکھا جاتا ہے۔

☆ اگر مخلص بندہ بیمار ہو جائے یا حالتِ سفر میں ہو تو اس کے اخلاص کے سبب اس کے لیے وہی عمل لکھا جاتا ہے جو وہ حالت اقامت وصحت میں کیا کرتا تھا۔

☆ اخلاص کے سبب اللہ تعالیٰ امت کی مدد فرماتا ہے۔

☆ اخلاص آخرت کے عذاب سے نجات دلاتا ہے۔

☆ دنیا و آخرت کی مصیبتوں سے نجات اخلاص کے ثمرات میں سے ہے۔

☆ اخلاص کے سبب آخرت میں درجات کی بلندی حاصل ہوتی ہے۔

☆ حسن خاتمہ نصیب ہوتا ہے۔

☆ دعاؤں کی قبولیت حاصل ہوتی ہے۔

☆ قبر میں نعمت اور شادمانی کی بشارت ملتی ہے۔

☆ جنت میں داخلہ اور جہنم سے نجات عطا ہوتی ہے۔ (از اخلاص کے ثمرات اور ریاکاری کے نقصانات از شیخ سعید بن علی بن وھف القحطانی)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان سب باتوں پر عمل کی توفیق عطا فرمائے (آمین بجاہ سید المرسلین)

استغنا و بے نیازی

انسان کو اللہ تعالیٰ کے سوا تمام دُنیا سے مستغنی اور بے نیاز ہو کر زندگی گزارنی چاہیے۔ وہ غلطی سے بھی لوگوں کے مال ودولت، عہدہ وقتدار اور جاہ ومنزلت کی طرف نظر اُٹھا کر بھی نہ دیکھے

مفتی محمد وقاص رفیع

''استغنا و بے نیازی'' کہتے ہیں لوگوں کی خوش حالی، مالی فراوانی اور اُن کے مرتبہ و اقتدار سے لاپروا اور بالاتر ہو کر اس طرح زندگی گزارنے کو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ انسان کو کسی سے کچھ پالینے یا مل جانے کی حرص وطمع نہ رہے۔ چناں چہ انسان کی بے نیازی یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ذات کے علاوہ دوسرے تمام لوگوں سے بے نیاز اور مستغنی ہو کر زندگی گزارے۔ نہ کسی کے مال و دولت پر نظر ہو نہ عہدہ واقتدار پر، نہ جاہ ومنزلت پر نظر ہو نہ شان وشوکت پر۔ اس لیے کہ جو لوگ دُنیا میں خوش حالی وفراوانی کی زندگی گزار رہے ہیں وہ خود اُس ذات سے بے نیاز نہیں ہو سکتے جو سب سے بڑھ کر بے نیاز ہے۔ لہٰذا انسان کو مخلوق سے مستغنی و بے نیاز ہو کر اُس بے نیاز ذات کے سامنے دستِ سوال دراز کرنے کے لیے جھکنا چاہیے جو تمام مخلوقات سے مستغنی اور بے نیاز ہے۔ اور دُنیا بھر کے تمام امیر وغریب اور شاہ وفقیر اُس کے در کے سوالی اور حاجت مند ہیں۔

چناں چہ خود اللہ تعالیٰ قرآنِ مجید میں فرماتے ہیں: ''اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو، اور اللہ بے نیاز ہے، ہر تعریف کا بہ ذاتِ خود مستحق!''۔ (سورۂ فاطر: ۱۵/۳۵)

دوسری جگہ فرماتے ہیں: ''اور اللہ بے نیاز ہے اور تم ہو جو محتاج ہو!''۔ (سورۂ محمد: ۳۸/۴۷)

ایک جگہ فرماتے ہیں: ''اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، بے شک اللہ تعالیٰ ہی ہے جو سب سے بے نیاز ہے، بہ ذاتِ خود قابلِ تعریف ہے!''۔ (سورۂ لقمان: ۲۶/۳۱)

ایک جگہ فرماتے ہیں: ''اور اگر کوئی ناشکری کرے تو اللہ بڑا بے نیاز ہے، بہ ذاتِ خود قابلِ تعریف!''۔ (سورۂ لقمان: ۱۲/۳۱)

ایک جگہ فرماتے ہیں: ''اور اگر کوئی انکار کرے تو اللہ دُنیا جہان کے تمام لوگوں سے بے نیاز ہے!''۔ (سورۂ آلِ عمران: ۹۷/۳)

ایک جگہ فرماتے ہیں: ''یقیناً اللہ دُنیا جہان کے لوگوں سے بے نیاز ہے!'' (سورۂ عنکبوت: ۶/۲۹)

اسلام میں استغنا و بے نیازی کا سب سے بڑا اور اہم اُصول ''قناعت پسندی'' ہے۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کو جو کچھ ملا ہے اُس پر صبر وشکر کرے اور زیادہ کی حرص وطمع نہ کرے۔ چناں چہ خود اللہ تعالیٰ نے اِس سے منع فرمایا ہے۔ ارشادِ خداوندی ہے: ''اور جن چیزوں میں ہم نے تم کو ایک دوسرے پر فوقیت دی ہے، اُس کی تمنا نہ کرو!''۔ (سورۂ نساء: ۳۲/۴)

ایک دوسری جگہ ارشاد ہے: ''اور دُنیوی زندگی کی اُس بہار کی طرف آنکھیں اُٹھا کر بھی نہ دیکھو جو ہم نے اِن (کافروں) میں سے مختلف لوگوں کو مزے اُڑانے کے لیے دے رکھی ہے!''۔ (سورۂ طٰہٰ: ۱۳۱/۲۰)

بعض لوگ انتہائی مال دار اور دولت مند ہوتے ہیں، لیکن اس کے باوجود بھی وہ مال دولت کی حرص وطمع میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس لیے وہ مال دار اور دولت مند ہونے کے باوجود محتاج اور حاجت مند رہتے ہیں۔ لیکن اس کے برخلاف بعض لوگ انتہائی غریب اور مفلس ہوتے ہیں، لیکن اس کے باوجود وہ زیادہ مال ودولت کی حرص ولالچ میں نہیں پڑتے، بل کہ جو کچھ ''قوت لایموت'' میسر آ جائے، اُس پر قناعت کر لیتے ہیں، چناں چہ وہ باوجود مفلس اور غریب ہونے کے مستغنی اور بے نیاز ہوتے ہیں۔ اِس لیے کہ استغنا و بے نیازی کا تعلق مال و دولت کی کمی زیادتی سے نہیں، بل کہ اُس کا تعلق قلب وروح کی پاکیزگی سے ہے۔ چناں چہ حدیث شریف میں آتا ہے حضورِ اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: ''غنی و بے نیاز ہونا کچھ مال پر موقوف نہیں، بلکہ اصل تونگری تو دل کا بے نیاز ہونا ہے!'' (بخاری ومسلم) ایک دوسری جگہ ارشاد ہے: ''دینے والے کا ہاتھ مانگنے والے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اور جو شخص تعفف اور قناعت حاصل کرنا چاہتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے قناعت پسند بنا دیتے ہیں۔ اور جو شخص لوگوں کے سوال سے مستغنی اور بے نیاز ہونا چاہتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے غنی و بے نیاز فرما دیتے ہیں۔ (بخاری ومسلم) ایک مرتبہ حضورِ اقدس ﷺ نے حضرت ابوہریرہؓ سے فرمایا کہ جو کچھ آپ کی قسمت میں ہے اگر آپ اُس پر راضی ہو جائیں تو آپ سب سے زیادہ بے نیاز ہو جائیں گے۔ (صحیح ابن حبان)

اسلام کی شان دار لہلہاتی تاریخ ایسے بے تاج بادشاہوں کے واقعات سے بھری پڑی ہے جنھوں نے اپنی پوری زندگی میں اِس فانی دُنیا کی زیب وزینت کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی غلطی سے بھی نہیں دیکھا۔ قاضی بکار بن قتیبہ مصر کے مشہور محدث اور فقیہ گذرے ہیں۔ امام ابوجعفر طحاویؒ کے استاذ ہیں۔ امام طحاویؒ نے ''شرح معانی الآثار'' میں متعدد حدیثیں آپ کی سند سے روایت کی ہیں۔ اُن کے زمانہ میں احمد بن طولون مصر کے حکمران تھے۔ وہ قاضی بکارؒ کے درسِ حدیث لینے کے لیے خود اُن کی مجلس میں پہنچ جاتے تھے۔ اُن کا دربان پہلے مجلس کے قریب پہنچ کر لوگوں سے کہہ دیتا کہ: ''کوئی شخص اپنی جگہ سے نہ اُٹھے!'' اُس کے بعد ابن طولون چپکے سے آ کے بیٹھ جاتے اور عام طلبہ کی صف میں بیٹھ کر حدیث کا درس لیتے۔ ایک زمانہ تک ابن طولون اور قاضی بکارؒ کے تعلقات بہت خوش گوار رہے۔ اور اُس عرصہ میں احمد بن طولون قاضی صاحب کی تنخواہ کے علاوہ اُن کی خدمت میں سالانہ ایک ہزار دینار بہ طورِ ہدیہ پیش کیا کرتے تھے۔ اتفاق سے ایک سیاسی مسئلہ میں قاضی صاحب اور احمد بن طولون کا اختلاف ہو گیا، احمد بن طولون چاہتے تھے کہ وہ اپنے ولی عہد کو معزول کر کے کسی اور کو ولی عہد بنائیں اور قاضی صاحب سے اس کی تصدیق کروائیں۔ قاضی صاحب اسے درست نہ سمجھتے تھے۔ اس لیے اُنھوں نے انکار کر دیا، جس کی وجہ سے تعلقات کشیدہ ہو گئے اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ ابن طولون نے قاضی صاحب کو قید کر دیا۔ اور یہ پیغام اُن کے پاس بھیجا کہ: ''جتنے دینار آپ کو بہ طورِ ہدیہ دیے گئے وہ سب واپس کیجیے!'' سالانہ ایک ہزار دینار دینے کا سلسلہ اٹھارہ سال سے جاری تھا۔ اِس لیے مطالبہ یہ تھا کہ اٹھارہ ہزار دینار فوراً واپس کیے جائیں! ابن طولون سمجھتے تھے کہ یہ مطالبہ قاضی صاحب کو زچ کر دے گا، لیکن جب پیغام اُن کے پاس پہنچا تو قاضی صاحب کسی تردّد کے بغیر اندر تشریف لے گئے اور گھر سے اٹھارہ تھیلیاں نکال لائے، جن میں سے ہر ایک تھیلی میں ہزار ہزار دینار تھے، یہ تھیلیاں جب ابن طولون کے پاس پہنچیں تو اُس نے دیکھا کہ یہ تو بعینہٖ وہی تھیلیاں ہیں، جو قاضی صاحب کے پاس بھیجی گئی تھیں اور اُن کی مہریں تک نہیں ٹوٹی تھیں۔ ابن طولون یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ قاضی بکارؒ نے اُن میں سے ایک تھیلی بھی نہیں کھولی، بل کہ اسے جوں کا توں محفوظ رکھ لیا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ قاضی بکارؒ نے اسی خیال سے اُنھیں استعمال نہیں کیا کہ امیر سے بلاشبہ اِس وقت تعلقات اچھے ہیں، لیکن اگر کبھی اختلاف پیدا ہوا تو اُنھیں جوں کا توں واپس لوٹا دوں گا۔ ابن طولون قاضی بکارؒ کی یہ بلندیٔ کردار، ذہانت وحکمت اور استغنا و بے نیازی کی یہ نرالی شان دیکھ کر شرم سے عرق عرق ہو گئے۔
(النجوم الزاہرہ فی اخبار ملوک مصر والقاہرہ: ۱۹/۳)

کہاں سے اے اقبال تو نے سیکھی ہے یہ درویشی
کہ چرچا بادشاہوں میں ہے تیری بے نیازی کا

اس کے برعکس فانی دُنیا کے پجاریوں کا یہ حال ہے کہ ایک مرتبہ حضورِ اقدس ﷺ کی خدمت میں ایک شخص نے گھی، پنیر اور ایک مینڈھا پیش کیا، آپ علیہ السلام نے گھی اور پنیر قبول فرما لیا اور مینڈھا واپس کر دیا اور آپ علیہ السلام کی یہ عادت شریفہ بھی تھی کہ بعض کا ہدیہ قبول فرما لیتے اور بعض کا ردّ فرما دیتے۔ چناں چہ ایک مرتبہ آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ: ''میرا یہ ارادہ ہے کہ کسی شخص کا ہدیہ قبول نہ کروں، بجز اُن لوگوں کے جو قریشی ہوں یا انصاری یا ثقفی یا اوسی۔ اور اس ارشاد کا مبنیٰ یہ تھا کہ ایک اعرابی نے آپ علیہ السلام کی خدمت میں ایک اونٹنی پیش کی۔ آپ علیہ السلام کی عادت شریفہ چوں کہ ہدیہ کا بدلہ مرحمت فرمانے کی تھی۔ اس لیے اُس کے بدلے میں آپ علیہ السلام نے چھے اونٹ اُس کو دیے، جو اُس نے کم سمجھے کہ وہ اُن سے بھی زائد کا اُمیدوار تھا اور اس پر اُس نے ناگواری کا اظہار کیا۔ جب آپ علیہ السلام کو اِس واقعہ کا علم ہوا تو آپ علیہ السلام نے وعظ میں اِس واقعہ کو ذکر فرما کر اپنے اِس ارادہ کا اظہار فرمایا اور جن لوگوں کو مستثنیٰ کیا اُن کے اخلاص پر آپ علیہ السلام کو اعتماد تھا۔
(بذل المجہود شرح سنن ابی داؤد)

خلاصہ یہ کہ انسان کو اللہ تعالیٰ کے سوا تمام دُنیا سے مستغنی اور بے نیاز ہو کر زندگی گزارنی چاہیے۔ وہ غلطی سے بھی لوگوں کے مال ودولت، عہدہ وقتدار اور جاہ ومنزلت کی طرف نظر اُٹھا کر بھی نہ دیکھے۔ بل کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اسے عطا فرما رکھا ہے صبر وشکر کے ساتھ اسی پر قناعت کرے۔ اور لوگوں کے سامنے دستِ سوال دراز کرنے کے بجائے اُس بے نیاز ذات کے سامنے اپنا دامن پھیلائے جو سب سے بڑھ کر غنی اور بے پروا ہے اور تمام دُنیا قدم قدم پر اُس کی محتاج ہے اور وہی ایک سب کا حاجت روا ہے۔

☆

اللہ کریم کی معیتِ ذاتی...... حضرت ابوبکر صدیقؓ کا خاصہ ہے

اللہ میرے ساتھ ہے۔ دنیا میں جو لوگ اس کا ادراک حاصل کر لیتے ہیں، ان کے سبھی مسائل حل ہو جاتے ہیں

مولانا محمد اکرم اعوان

قرآن مجید ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ وھو معکم این ما کنتم تم کہیں بھی ہو وہ تمھارے ساتھ ہے۔ یہ بھی اس کی عطا ہے کہ ہم اس کی معیت کو بار بار بھول جاتے ہیں لیکن وہ اپنی معیت سے ہمیں کبھی محروم نہیں کرتا۔ اب بات اس ادراک کی ہے، ہمیں یہ ادراک بھی ہو کہ اللہ میرے ساتھ ہے۔ دنیا میں جو لوگ اس کا ادراک حاصل کر لیتے ہیں، ان کے سبھی مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ ان کی زندگی آسان ہو جاتی ہے اور وہ زندگی میں کبھی پریشان نہیں ہوتے۔ حتیٰ کہ موت بھی آتی ہے تو مسکرا کر گلے لگا لیتے ہیں:

نشان مرد مومن باتو گویم
چوں مرگ آید تبسم برلب اوست

(تجھے مردِ مومن کی نشانی بتاؤں کہ جب موت آتی ہے تو اس کے لبوں پر مسکراہٹ ہوتی ہے۔) یہ کیفیت معیت باری کی نصیب ہوتی ہے۔ ہر شخص کو اللہ کی حیثیت کے مطابق اس کا ادراک ہوتا ہے۔ جتنا اس کو اللہ پر اعتماد ہے، یقین اس کو اللہ پر ہے، جتنا اس کے دل میں اللہ کی یاد ہے، جتنی اس کے دل میں اللہ کی محبت ہے، جتنی اس کے دل میں آقائے نامدار ﷺ کی محبت ہے، عقیدت ہے اور جتنا اتباع کرتا ہے محمد الرسول اللہ ﷺ کا، اتنا ہی معیت باری کا ادراک ہوتا جاتا ہے۔ اللہ کریم کی ذات اور اس کی صفات میں تبدیلی نہیں آتی، بندے میں تبدیلی آتی جاتی ہے۔ یہ چھوٹی سی مثال لیں، آپ پنکھا چلاتے ہیں۔ ایک ہی بٹن ہے، آن کرتے ہیں تو وہ آہستہ آہستہ رینگنے لگ جاتا ہے۔ اسی بٹن کو مزید گھماتے ہیں تو اس میں بجلی زیادہ آجاتی ہے۔ بجلی بھی وہ ہے، پنکھا بھی وہی ہے لیکن اسے اگلے نمبر پر لے جاتے تو اور تیز ہو جاتا ہے۔ اسی طرح انسان میں تبدیلی آتی ہے۔ وہ مقام پر تھوڑی سی معیت محسوس کرتا ہے، دوسرے پر اس سے زیادہ، بالآخر اسے وہ کیفیت نصیب ہو جاتی ہے کہ زندگی بھر معیت [illegible] انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام [illegible] جہاں اللہ کریم کی معیت ذاتی انسان کی صفات کے ساتھ مشروط ہے، وہاں انبیا علیہم السلام کی ذات کو اللہ تعالیٰ کی معیت صفاتی نصیب ہوتی ہے مثلاً حضرت موسیٰؑ جب مصر چھوڑ کر نکلے اور ساحل سمندر تک پہنچے تو پیچھے سے فرعون اپنا لاؤ لشکر لے پہنچ گیا۔ بنی اسرائیل نے گھبرا کر موسیٰؑ سے کہا، آپ نے تو ہمیں مروا دیا۔ ہم تو پہلے ہی مصیبت میں تھے، آپؑ مبعوث ہوئے تو مصیبتیں اور بڑھ گئیں، ہمارا کوئی بھلا نہیں ہوا۔ اب سامنے سمندر ہے اور پیچھے فرعون کا لشکر ہے۔ سمندر میں چھلانگ [illegible] اللہ کی طرف سے صفاتی ہے۔ جتنی مخلوق اللہ نے پیدا فرمائی ہے آدم علیہ السلام کی اولاد میں جو گذر چکی ہے یا جو قیامت تک آئے گی، اس میں دو ہستیاں ایسی ہیں جنھیں معیتِ ذاتی حاصل ہے۔ غیر مشروط، نہ اللہ کی طرف سے صفات ہیں، نہ بندے کی طرف سے صفات ہیں۔ انبیاء علیہم السلام میں آقائے نامدار حضرت محمد الرسول اللہ ﷺ اور غیر نبی میں سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ، ایک ہستی امام الانبیا اور دوسری ہستی امام الصدیقین حضرت صدیق اکبرؓ۔ قرآن کریم اس پر گواہ ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ غار میں تشریف فرما تھے اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے زانو پر سر مبارک رکھے آرام فرما رہے تھے، تو مشرکین مکہ تلاش کرتے ہوئے غار کے سامنے پہنچ گئے۔ سیدنا ابوبکر صدیقؓ پریشان ہو گئے کہ یہ [illegible] الحزن یوسفؑ کے دکھ سے ان کی آنکھیں روتے روتے سفید ہو گئیں۔ اسی طرح حضور ﷺ نے فرمایا کہ میرا غم نہ کر اس لیے کہ ان اللہ معنا یقیناً اللہ ہم دونوں کے ساتھ ہے۔ ادھر بندے کی صفت بھی نہیں ہے، ادھر رب کی صفت بھی نہیں ہے۔ اللہ کی ذات ہے اور ادھر بھی دو ذاتیں ہیں، ان اللہ معنا ہم دونوں کے ساتھ اللہ ہے۔ یاد رہے جب کہ امام الصدیقین صرف حضرت ابوبکر صدیقؓ کا لقب ہے، اسے کسی دوسری جگہ استعمال نہ کیا جائے۔ جب حضرت ابوبکر صدیقؓ کا وصال ہوا اور سیدنا فاروق اعظم سربراہ خلافت ہوئے تو عرض کیا گیا، یا خلیفہ رسول اللہ ﷺ! فرمایا: نہیں خلیفہ رسول اللہ ﷺ صرف ابوبکر صدیقؓ کو سجتا ہے۔ ہم آپؓ کو کیا کہیں؟ فرمایا: مجھے امیر المومنین کہو، خلافت کا لقب صرف ابوبکر صدیقؓ کی خصوصیت ہے۔ اسی طرح امام الصدیقین کسی دوسرے پر نہیں سجتا، صرف ابوبکر صدیقؓ کا لقب ہے۔ کائنات میں یہ دو ہستیاں ہیں جنھیں معیت ذاتی حاصل ہے، ان کی بھی ذات ہے، ادھر اللہ کی بھی ذات ہے۔

امام الصدیقین صرف حضرت ابوبکر صدیقؓ کا لقب ہے، اسے کسی دوسری جگہ استعمال نہ کیا جائے۔ جب حضرت ابوبکر صدیقؓ کا وصال ہوا اور سیدنا فاروق اعظم سربراہ خلافت ہوئے تو عرض کیا گیا، یا خلیفہ رسول اللہ ﷺ! فرمایا: نہیں خلیفہ رسول اللہ ﷺ صرف ابوبکر صدیقؓ کو سجتا ہے۔ ہم آپؓ کو کیا کہیں؟ فرمایا: مجھے امیر المومنین کہو، خلافت کا لقب صرف ابوبکر صدیقؓ کی خصوصیت ہے۔ اسی طرح امام الصدیقین کسی دوسرے پر نہیں سجتا، صرف ابوبکر صدیقؓ کا لقب ہے۔ کائنات میں یہ دو ہستیاں ہیں جنھیں معیت ذاتی حاصل ہے، ان کی بھی ذات ہے، ادھر اللہ کی بھی ذات ہے۔

بقیہ 1

پر مشتمل وفد نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔وفد کی قیادت یورپی کمیشن کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹرنیشنل پارٹنرشپس کے ڈائریکٹر ایشیا پیسفک، پیٹرس اسٹبس کر رہے تھے۔وفد میں ڈائریکٹر انٹرنیشنل پارٹنرز، یورپین انویسٹمنٹ بینک تھوریا ترکی، ایڈیڈاز کے نائب صدر مینیول پازر، اینڈراتز کے نائب صدر کارل شلوگل بار، آٹیکیا کے ریجنل ڈائریکٹر ڈائیٹر میٹکے اور پاکستان میں تعینات یورپی یونین کے سفیر ریمنڈس کیروبلس موجود تھے جبکہ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر اسحاق ڈار، وزیر تجارت جام کمال خان، وزیر قانون، انصاف اور انسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے معاونین خصوصی سید طارق فاطمی اور ہارون اختر خان کے علاوہ سینئر حکومتی حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 2

کے لئے سنگین خطرہ بن سکتی ہے۔اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بحری سلامتی سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے نمائندے عاصم افتخار احمد نے کہا کہ سمندری راستوں کا تحفظ نہ صرف تجارت بلکہ وسیع تر ترقیاتی اور سلامتی کے اہداف کیلئے بھی ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی بحری علاقے اکیسویں صدی کے اہم جغرافیائی و سٹریٹجک میدان ہیں جہاں موجودہ دور کے بڑے چیلنجز ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں یہ سمندری راستے عالمی تجارت کی شہ رگ ہیں اور زمین کے ماحولیاتی نظام کی صورتحال کا اہم پیمانہ بھی ہیں جبکہ جدید معیشتیں بڑی حد تک بلاتعطل بحری تجارت پر انحصار کرتی ہیں۔عاصم افتخار احمد نے آبنائے ہرمز میں جاری رکاوٹ کو اس کی واضح مثال قرار دیا کہ کس طرح بحری عدم استحکام عالمی بحرانوں کو جنم دے سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش اور اس کے نتیجے میں خوراک اور توانائی کی سلامتی پر پڑنے والے اثرات، اور عالمی سپلائی چین میں پیدا ہونے والی رکاوٹیں اس مسئلے کی سنگینی کو واضح کرتی ہیں۔

بقیہ 3

کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، مسائل پہاڑ بن کر سامنے کھڑے ہیں لیکن مشکل وقت سے سرخرو ہوکر نکلیں گے، سعودی عرب کے تعاون سے ساڑھے تین ارب ڈالر کا بیرونی قرضہ چکا دیا، کفایت شعاری اقدامات جاری رہیں گے۔بدھ کو یہاں وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کابینہ کے ارکان کو صورت حال پر اعتماد میں لیتے ہوئے بتایا کہ حالیہ ہفتوں میں اہم واقعات ہوئے، امریکا اور ایران کے مابین پاکستان نے بات چیت کا جو طویل سلسلہ 11 اپریل کی رات شروع کرایا وہ 21 گھنٹے طویل تھا، یہ میراتھن سیشن تھا جس کے لیے بے پناہ کاوشیں کی گئیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ہمت نہیں ہاری اور دن رات کاوشیں کیں، نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار بھی اپنے ہم منصبوں کے ساتھ مصروف رہے، ہماری بے پناہ کاوشوں سے جنگ بندی میں توسیع ہوئی جو ہنوز جاری ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسی دوران ایران کے وزیرخارجہ عباس عراقچی بھی اپنی ٹیم کے ساتھ آئے، ان کے ساتھ بھی میراتھن سیشن ہوئے، ہفتہ کے روز وہ مجھ سے بھی ملے، دو گھنٹے کی ملاقات میں سیر حاصل گفتگو ہوئی، وزیر داخلہ کا بھی اس حوالے سے بہت اہم کردار رہا، ایرانی وزیر خارجہ عمان بھی گئے اور واپس پاکستان آئے پھر روس گئے۔ان سے میری فون پر بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ وہ اخلاص سے ملاقاتیں کر رہے ہیں اور مشورہ کر کے جواب دیں گے۔وزیر اعظم نے بتایا کہ اس دوران خام تیل کی قیمتیں دوبارہ آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، ہمیں بھی نئی قیمتوں کا تعین کرنا ہے، بہت چیلنجنگ صورت حال کا سامنا ہے لیکن اجتماعی بصیرت اور کاوشوں سے صورت حال پر قابو پانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 4

نے آئی ایم ایف رپورٹ پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے کہا کہ میرا آئی ایم ایف سے اعتماد اٹھ گیا، آئی ایم ایف کو ہم نے بہت جگہ دی وہ ابھی بیڈروم تک آ رہا ہے۔چیئرمین نیب نے کہا کہ میں نے فیصلہ کیا ہے کہ آئی ایم ایف کی رپورٹ کو سنجیدہ نہ لوں، آئی ایم ایف نے اپنی رپورٹ میں نیب کی تعریف کی لیکن میرے ملک کے ساتھ اچھا نہیں ہے، ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ پر لوگ اعتماد نہیں کرتے۔لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا کہ آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل نے ایک ٹرائیکا بنایا ہے، جو ملک پسند نہیں وہ ان کے خلاف ماحول بناتے ہیں۔نیب حکم نے کہا کہ آئی ایم ایف رپورٹ کا ڈیٹا ٹھیک نہیں ہے، نیب کی 2026 کی پہلی سہ ماہی میں 2.962 ٹریلین روپے کی ریکارڈ ریکوری ہوئی،

بقیہ 5

کا اختیار دینے کی اصولی منظوری دے دیدی گئی ہے ،سائبر کرائم کی ڈیلنگ کے لئے سی سی ڈی کی طرز پر محکمہ بنانے کی بھی منظوری دی گئی ہے،سوشل میڈیا پر ہراسگی کے مقدمات اب درج کئے جاسکیں گے ،پنجاب پولیس کو سائبر کرائم کیسز براہ راست ڈیل کرنے کی اجازت مل گئی۔پولیس حکام کے مطابق اس سے قبل پولیس کو سائبر کرائم مقدمات میں کارروائی سے روک دیا گیا تھا ،اب ہراسگی بلیک میلنگ اور آن لائن جرائم پر فوری ایکشن ممکن ہوگا۔

بقیہ 6

میں بچھڑنے والوں کی یاد آج بھی باقی ہے۔قدرتی آفات کے تباہ کن اثرات کو کم کرنے کیلئے بہتر انفرااسٹرکچر، جامع منصوبہ بندی اورعوامی شعور و آگاہی ناگزیر ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اسکول سیفٹی فریم ورک (PSSF) کے تحت نصاب میں قدرتی آفات کے بارے میں ابواب شامل کرنا قابل تحسین ہے۔جیوگرافک انفارمیشن سسٹم (GIS) اور سیٹلائٹ ماڈلنگ میں سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔تعمیرات میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے زلزلہ جیسی قدرتی آفات سے بچاؤ ممکن ہے۔حکومت پنجاب نے قدرتی آفات سے بچاؤ اور بحالی کے لئے موثر اقدامات کیے ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے حالیہ سیلاب میں ہزاروں متاثرین کے بچاؤ، بحالی اور امداد کے لئے ریکارڈ وقت میں تاریخی کام کیا گیا ہے۔زلزلہ اور قدرتی آفات سے بچاؤ کے موثر حکومتی اقدامات عوام میں احساس تحفظ پیدا کرتے ہیں۔

بقیہ 7

کو بھی نو مئی 11 کیسز میں چالان نقول تقسیم کا مرحلہ مکمل نا ہوسکا، بانی چیئرمین تحریک انصاف کو بھی 11 کیسز میں چالان نقول تقسیم نا ہوئیں۔وکلائے صفائی کی 9 مئی کیسز میں مشاورت کیلئے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی استدعا مسترد کردی گئی۔سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے پیش ہو کر حاضری لگوائی۔عدالت نے آئندہ تاریخ پر تمام کیسز میں چالان نقول تقسیم کرنے کا پراسس مکمل کروانے کا حکم دے دیا۔واضح رہے کہ 9 مئی 11 کیسز میں جی ایچ کیو گیٹ 4 حملہ کیس جبکہ آرمی میوزیم حملہ، میٹرو بس اسٹیشن اور حساس بلڈنگ جلانے کا کیس بھی شامل ہے۔

بقیہ 8

تین سو سے زائد نئے منصوبوں کیلئے اضافی فنڈز مانگ لیے، ان منصوبوں کی مجموعی لاگت سات ہزار ارب روپے ہے۔حکام وزارت منصوبہ بندی نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اگلے مالی سال میں ترجیح قرار دی گئی ہے، رواں مالی سال پی ایس ڈی پی کیلئے ایک ہزار ارب روپے رکھے گئے تھے، گیارہ سو ترقیاتی منصوبوں کی مجموعی لاگت تیرہ ہزار ارب روپے سے زائد ہے، جولائی سے اپریل تک ترقیاتی منصوبوں پر ساڑھے چارسو ارب روپے سے زائد خرچ ہوئے، جبکہ پی ایس ڈی پی منصوبوں کا تھرو فارورڈ تقریباً ایک ہزار ارب روپے ہے۔

بقیہ 9

جج افضل مجوکا نے کی۔پراسیکیوٹر نوید کیانی عدالت میں پیش ہوئے جبکہ پراسیکیوشن کے مزید ایک گواہ کا بیان قلمبند کرلیا گیا۔عدالت میں بیان قلم بند کرنے کیلئے 5 گواہان موجود تھے، پہلی گواہ آمنہ بی بی کا بیان مکمل قلم بند کیا گیا۔گواہ آمنہ بی بی پر جرح کے دوران وکیل صفائی کی طبیعت خراب ہوگئی۔عدالت نے وکیل صفائی کی طبیعت ناسازی کے باعث سماعت 30 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ 10

نئے دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں تعلقات کو صرف تجارت تک محدود رکھنے کے بجائے سرمایہ کاری، جدت اور پائیدار ترقی کی سمت میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔منگل کو یورپی یونین-پاکستان بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے ہارون اختر نے کہا کہ یہ فورم محض ایک کانفرنس نہیں بلکہ مستقبل کی سمت متعین کرنے کا اہم لمحہ ہے جہاں دونوں خطوں کے درمیان اقتصادی تعاون کو نئی جہت دی جا سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پر عالمی اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے اور حکومت اس اعتماد کو مزید مستحکم بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں مشکل معاشی حالات کے باوجود معیشت کو استحکام ملا اور یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ معاشی بحالی صرف اعداد و شمار سے نہیں بلکہ موثر قیادت اور اعتماد سے ممکن ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کی علامت بن کر ابھرا ہے اور اس نے ہمیشہ تصادم کے بجائے مکالمے و ذمہ دارانہ طرز عمل کو ترجیح دی۔معاون خصوصی نے کہا کہ یورپی یونین اس وقت پاکستان کی سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے، جی ایس پی پلس سکیم نے ملکی برآمدات اور معیار کی بہتری میں اہم کردار ادا کیا۔معاون خصوصی نے زور دیا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ تعلقات کو تجارت سے آگے بڑھا کر سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور جدت کی طرف لے جایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل سے لے کر ٹیکنالوجی تک پاکستان عالمی سپلائی چین میں اہم شراکت دار بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ 24 کروڑ آبادی کے ساتھ پاکستان بڑی اور ابھرتی منڈی ہے جو جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا اور مشرق وسطی کے درمیان اہم تجارتی گیٹ وے کی حیثیت رکھتی ہے۔ہارون اختر خان نے کہا کہ صنعتی بحالی حکومت کے معاشی وژن کا مرکزی ستون ہے اور اس کے تحت عارضی حل کے بجائے دیرپا ساختی اصلاحات متعارف کرائی جارہی ہیں۔ہارون اختر خان نے کہا کہ گلگت بلتستان، خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے معدنی وسائل برآمدات میں انقلاب لا سکتے ہیں، نوجوان کاروباری افراد اور ہنر مند افرادی قوت ملک کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے سیاحت، قابل تجدید توانائی، زراعت، فارماسیوٹیکل، لاجسٹکس اور انفرااسٹرکچر کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے اصلاحات کے ذریعے خود کو مستحکم اور پرکشش سرمایہ کاری مرکز کے طور پر منوایا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان تبدیلی کا تماشائی نہیں بلکہ اس کا معمار بننے کے لیے پرعزم ہے اور سرمایہ کاری کیلئے یہی درست وقت ہے۔

بقیہ 11

ہے۔انہوں نے کہا کہ مئی میں 25 کروڑ ڈالرز مالیت کا پانڈا بانڈ جاری کیا جائے گا جس کیلئے اے ڈی بی اور ایشیائی انفرااسٹرکچر بینک نے گارنٹی دے دی، چینی حکام کے ساتھ بھی اس کے حوالے سے بات چیت آخری مرحلے میں ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ اگلے دو تین برسوں میں مزید یورو اور سکوک بانڈ جاری کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ مشرق وسطی جنگ کے باعث انرجی انفرااسٹرکچر متاثر ہوا ہے، علاقائی کشیدگی کے باوجود پاکستان میں کھاد اور فوڈ سکیورٹی کا کوئی ایشو نہیں ہے۔وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ جنگ کے باوجود ترسیلات متاثر نہیں ہوئیں، یو اے ای سے ترسیلات زر پر منفی اثر نہیں پڑا۔

بقیہ 12

۔آرمی چیف نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اسرائیلی فوج کو اپنے بڑھتے ہوئے آپریشنل تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے مزید اہلکاروں اور جنگجوں کی فوری ضرورت ہے۔اسرائیلی آرمی چیف نے کہا کہ آنے والے برسوں میں فوج کو درپیش بڑھتی ہوئی ذمہ داریوں کے پیش نظر اسرائیل کے لیے ضروری ہے کہ فوجی افرادی قوت میں اضافہ کیا جائے۔یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں کشیدگی بدستور برقرار ہے اور اسرائیل بیک وقت مختلف سکیورٹی چیلنجز کا سامنا کررہا ہے۔

بقیہ 13

ہے جاپانی عسکریت پسندی کے تحت جارحانہ جنگوں کا ایک علامتی اور روحانی مرکز رہا ہے اور درحقیقت یہ جنگی مجرموں سے منسوب مقام ہے۔انہوں نے کہا کہ جاپان کی جانب سے اس شرائن سے متعلق حالیہ منفی اقدامات تاریخ اور انسانی ضمیر کی سنگین توہین ہیں۔ترجمان نے مزید کہا کہ یہ اقدامات نہ صرف دوسری عالمی جنگ کے نتائج بلکہ جنگ کے بعد قائم عالمی نظام کو بھی چیلنج کرتے ہیں۔چین نے اس پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے جاپان کے اس طرز عمل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔

بقیہ 14

طور پر حراست میں لینے کا حکم دے دیا، حراست سے متعلق کیس کی مزید سماعت جمعرات کو ہوگی۔ترجمان وائٹ ہاؤس کا کہنا تھا کہ یہ حملہ یاد دلاتا ہے کہ ہوم لینڈ سکیورٹی کے لیے فنڈنگ کیوں ضروری ہے، قومی سلامتی کے لیے نیا بال روم ضروری ہے۔یاد رہے کہ 2 روز قبل واشنگٹن میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی موجودگی میں وائٹ ہاس کے میڈیا نمائندوں کے اعزاز میں عشائیے کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس میں صدر ٹرمپ محفوظ رہے جبکہ حملہ آور پکڑا گیا۔

بقیہ 15

ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے تقریباً 200 افراد نے شرکت کی۔اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ اس کتاب کی پانچویں جلد شی جن پھنگ کے نئے دور کے چینی خصوصیات کے حامل سوشلسٹ نظریے کی تازہ ترین پیش رفت کو جامع اور منظم انداز میں پیش کرتی ہے، اور یہ عالمی برادری کے لیے معاصر چین کو سمجھنے کا ایک مستند ذریعہ ہے۔تقریب میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ چین اور انڈونیشیا اس وقت اسٹریٹجک ہم آہنگی کے فروغ اور ترقیاتی تعاون کو مزید گہرا کرتے ہوئے نہ صرف دونوں ممالک کے عوام کے لیے حقیقی ثمرات لا رہے ہیں بلکہ گلوبل ساؤتھ کی طاقت کو مضبوط بنانے اور عالمی طرز حکمرانی کے نظام کو بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کررہے ہیں۔

بقیہ 16

شامل نہیں ہیں۔اعلامیے کے مطابق جن اشیا پر ٹیرف کوٹہ لاگو ہے، ان میں صرف کوٹہ کے اندر آنے والی درآمدات پر ٹیرف کی شرح صفر کی جائے گی، جبکہ کوٹہ سے زائد درآمدات پر موجودہ شرح برقرار رہے گی۔اس دو سالہ مدت کے دوران چین متعلقہ افریقی ممالک کے ساتھ مشترکہ ترقیاتی اقتصادی شراکت داری کے معاہدوں کو بھی آگے بڑھائے گا۔اس سے قبل چین یکم دسمبر 2024 سے ان 33 افریقی کم ترقی یافتہ ممالک کے لیے تمام ٹیرف اشیا پر سو فیصد زیرو ٹیرف نافذ کر چکا ہے جن کے ساتھ اس کے سفارتی تعلقات قائم ہیں۔اب باقی 20 ممالک کو بھی اس سہولت میں شامل کیے جانے سے تمام افریقی شراکت دار ممالک اس پالیسی کے دائرے میں آ جائیں گے۔یہ اقدام چین کی اعلیٰ سطح کی بیرونی کھلے پن کی پالیسی کا مظہر ہے اور اس سے چین۔افریقہ اقتصادی و تجارتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے، اور نئے دور میں ہمہ جہتی چین۔افریقہ ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا ہوگا۔

بقیہ 17

سے اعتماد کو بڑھانے اور زیادہ مؤثر اقدامات کے ذریعے اقتصادی امور کو آگے بڑھانے پر زور دیا گیا۔اجلاس میں اس بات کی نشاندہی کی گئی کہ "استحکام کے ساتھ پیش رفت" کی مجموعی پالیسی پر قائم رہتے ہوئے نئے ترقیاتی فلسفے کو مکمل، درست اور جامع انداز میں نافذ کیا جائے، نئی ترقیاتی ساخت کی تشکیل کو تیز کیا جائے، اور ملکی و بین الاقوامی دونوں حالات کو ہم آہنگ انداز میں دیکھا جائے۔علاوہ ازیں، ترقی اور سلامتی کے درمیان توازن برقرار رکھتے ہوئے اصلاحات اور کھلے پن کی پالیسی کو بلاتعطل آگے بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔اجلاس میں مزید کہا گیا کہ سائنسی و تکنیکی خود انحصاری کو فروغ دیا جائے، صنعتی چینز کی خودمختاری کو مضبوط بنایا جائے، اور زیادہ فعال مالیاتی پالیسی اور مناسب حد تک نرم مانیٹری پالیسی کو مؤثر انداز میں نافذ کیا جائے۔اس کے ساتھ اندرونی طلب کو بڑھانے، رسد کے نظام کو بہتر بنانے، روزگار، کاروبار، مارکیٹ اور توقعات کو مستحکم رکھنے پر خصوصی توجہ دی جائے۔اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ معیشت کی اندرونی قوت کو مزید مضبوط بنایا جائے، ملکی معاشی گردش کو مستحکم کیا جائے اور ملکی و بین الاقوامی دوہری گردش کے نظام کو بہتر بنایا جائے، تاکہ "پندرہویں پانچ سالہ منصوبے" کا مضبوط آغاز یقینی بنایا جا

بقیہ 18

فائدے کے نئے مواقع کو جنم دے گا۔زیرو ٹیرف پالیسی کا سب سے براہ راست فائدہ یہ ہے کہ زیادہ افریقی مصنوعات کم لاگت کے ساتھ چین کی منڈی میں داخل ہوسکیں گی۔دسمبر 2004 میں، چین نے 33 سب سے کم ترقی یافتہ افریقی ممالک پر زیرو ٹیرف پالیسی نافذ کی تھی، جس کے نتیجے میں چین۔افریقہ تجارتی حجم میں مسلسل اضافہ ہوا۔جنوری تا جولائی 2025 کے دوران، چین نے ان 33 افریقی ممالک سے 39.66 ارب ڈالر کی درآمدات کیں، جو پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 10.2 فیصد زیادہ ہیں۔اب، زیرو ٹیرف افریقہ میں تمام 53 سفارتی تعلقات رکھنے والے ممالک تک وسیع ہوگا۔

بقیہ 19

بات ہے۔برطانوی شاہ چارلس چار روزہ دورے پر امریکا پہنچے ہیں، وہ امریکا کے قیام کی ڈھائی سوویں سالگرہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔شاہ چارلس دورہ امریکا میں امریکی کانگریس سے خطاب کریں گے اور نائن الیون کی یادگار کا دورہ بھی کریں گے۔

بقیہ 20

امیری نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ ایکس پر کہا کہ بین الاقوامی ہم آہنگی کیلئے تمام سفارت کار امن کے معمار ہوتے ہیں جن پر بین الاقوامی تعلقات کی نازک پیچیدگیوں کو بات چیت، ہمدردی اور افہام و تفہیم کے صبر آزما ہنر کے ذریعے نیویگیٹ کرنے کی ذمہ داری ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ میں وزیرخارجہ محمد اسحاق ڈار، نائب وزیراعظم اور ان کے ساتھ ساتھ پاکستان کی وزارت خارجہ کے تجربہ کار، قابل اور کیریئر ڈپلومیٹس کو اپنی مخلصانہ اور دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں، جنہوں نے مذاکرات سے قبل ہی انتھک کوششوں سے سہولیات فراہم کیں، ہم آہنگی پیدا کرنے اور باریک بینی سے بات چیت کے لیے خود کو تیار کیا۔انہوں نے کہا کہ ان کی یہ کوششیں سیاسی ارادے اور اصولی عزم کو عملی راستے اور کسی بھی سفارتی عمل کی شکل اختیار کرنے کے لیے ضروری ہیں۔رضا امیری نے کہا کہ پاکستان کی مذاکرات میں کوششیں حقیقی معنوں میں سفارت کاری کہلاتی ہیں، یہ محض الفاظ نہیں ہیں، بلکہ خاموش مسلسل محنت جو مکالمے کو ممکن اور امن کو ممکن بناتی ہے۔ایرانی سفیر نے کہا کہ ہم پاکستانی قیادت کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم اور گہری بصیرت کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ 21

57 کروڑ روپے سے زائد ہے۔وفاق کی جانب سے ان فنڈز سے شانگلہ کی تحصیل الپوری، تحصیل بشام، تحصیل مرتونگ، تحصیل پوران کی مختلف یونین کونسلو میں کچی اور پختہ سڑکیں، واٹر سپلائی سکیمیں، پروٹیکشن والز، سٹیل پلوں کی تعمیر شامل ہے۔اس منصوبے کا مقصد ملک کے دور دراز اور پسماندہ اضلاع کو ملک کے دیگر ترقی یافتہ اضلاع کے برابر لانا ہے۔ان منصوبوں کیلئے بڈنگ کا عمل 15 مئی 2026 کو ہوگا۔

بقیہ 22

مین آسمانی بجلی گرنے کے واقعات میں 4 افراد جاں بحق ہوئے۔پی ڈی ایم اے کے مطابق جانی نقصان موسیٰ خیل، نصیر آباد اور جعفر آباد میں ہوا، متعلقہ اضلاع کی انتظامیہ صورتحال کو مانیٹر کر رہی ہے۔

بقیہ 23

درمیانی شب جب دشمن کی جانب سے سول آبادی کو نشانہ بنایا گیا تو لیفٹیننٹ کرنل محمد شاہزیب رفیع کی زیرکمان یونٹ کو فوری طور پر جوابی کارروائی کا حکم دیا گیا۔انہوں نے نہایت مہارت کے ساتھ اپنی یونٹ کو متحرک کیا اور بھرپور گولہ باری کا آغاز کیا۔ان کی قیادت میں کی جانے والی بروقت اور زبردست فائرنگ کے نتیجے میں دشمن کے متعدد بریگیڈ اور بٹالین ہیڈکوارٹرز کے ساتھ ساتھ مارٹر پوزیشنز کو بھی کامیابی سے تباہ کر دیا گیا، جس سے دشمن کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔فوجی ذرائع کے مطابق لیفٹیننٹ کرنل محمد شاہزیب رفیع کے یونٹ کی زبردست گولہ باری نے معرکہ حق میں دشمن کی شکست میں اہم کردار ادا کیا۔اس موقع پر اپنے عزم کا اظہار کرتے ہوئے لیفٹیننٹ کرنل محمد شاہزیب رفیع نے کہا کہ اگر آئندہ دشمن نے پاکستان کے حوصلے اور عزم کو چیلنج کرنے کی کوشش کی تو اسے اس سے بھی زیادہ سخت اور منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔معرکہ حق میں مثالی کارکردگی اور بہادری کے اعتراف میں لیفٹیننٹ کرنل محمد شاہزیب رفیع کو تمغہ بسالت سے نوازا گیا۔

بقیہ 24

کے مطابق ڈی جی آئی ایس پی آر نے پہلگام فالس فلیگ کے چند دن بعد بھارتی ریاستی دہشتگردی سے متعلق ناقابل تردید شواہد دنیا کے سامنے پیش کیے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت پاکستان میں دہشتگرد نیٹ ورکس کی سرپرستی کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ 7 دن گزرنے کے باوجود بھارت پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کا ایک بھی ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہا، بھارتی فوج کے حاضر سروس افسران پاکستان میں دہشتگردی کی کارروائیوں کی براہ راست نگرانی کرتے ہیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق بھارت پاکستان میں دہشتگردوں کو آئی ای ڈیز اور دھماکا خیز مواد فراہم کر کے سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے۔ماہرین نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد بھارتی سرپرستی میں پاکستان میں دہشتگردانہ سرگرمیوں میں ملوث ہیں، پاکستان دہشت گردوں کی بھارت میں تربیت، علاج سمیت دیگر سہولت کاری کے ناقابل تردید شواہد دنیا بھر کے سامنے رکھ چکا ہے۔

بقیہ 25

نے فوری مقدمہ درج کیا اور دونوں ملزمان کو حراست میں لے لیا۔پولیس کے مطابق متاثرہ نوجوان کا میڈیکل پراسس جاری ہے جبکہ شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ ملزمان کے خلاف ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت میں پیش کیا جائے گا اور انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 26

محققین اور پالیسی ساز شرکت کریں گے۔کانفرنس کا انعقاد قازان فیڈرل یونیورسٹی اور وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی اسلام آباد کے اشتراک سے کیا جا رہا ہے جبکہ نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) اور کنسورشیم فار ایشیا پیسفک اینڈ یوریشین سٹڈیز (کیپس) بھی اس میں تعاون کر رہے ہیں۔یہ کانفرنس پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری (وائس چانسلر، وفاقی اردو یونیورسٹی) اور پروفیسر ڈاکٹر لینار رینا ٹووچ سافن (ریکٹر، کازان فیڈرل یونیورسٹی) کی سرپرستی میں منعقد ہو رہی ہے، جبکہ پاکستان میں روس کے سفیر البرٹ خوریف اور روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی بھی اس کی سرپرستی کر رہے ہیں، جو دونوں ممالک کے درمیان مضبوط ہوتے تعلقات کی عکاسی ہے۔کانفرنس میں پاکستان سے اعلیٰ سطح تعلیمی وفد شرکت کرے گا، جس میں پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی (وائس چانسلر جامعہ کراچی)، پروفیسر ڈاکٹر غزالہ یاسمین (وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی صوابی) اور پروفیسر ڈاکٹر ساجد محمود شہزاد (وائس چانسلر منہاج یونیورسٹی) سمیت دیگر سینئر اساتذہ، محققین اور بزنس کمیونٹی کے نمائندے شامل ہوں گے۔کانفرنس کے دوران جیوپولیٹکس، علاقائی روابط، معاشی تعاون، سکیورٹی اور ثقافتی روابط سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

بقیہ 27

مشاورت کیلئے آئندہ ماہ پاکستان آئے گا، وفد کے ساتھ اگلے مالی سال کے لیے مجوزہ اہداف پر تفصیلی مشاورت کی جائے گی۔آئی ایم ایف کو آن بورڈ لے کر اگلے مالی سال کیلئے مجموعی بجٹ کا حجم، جی ڈی پی کا ہدف، ٹیکس وصولیوں کا ہدف، بجٹ خسارے، پی ایس ڈی پی، ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح اور ڈیبٹ سروسنگ سمیت دیگر اہداف فائنل کیے جائیں گے۔ذرائع نے بتایا کہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں غیر ضروری ٹیکس چھوٹ بھی مزید ختم کی جائے گی اور تمام اہداف آئی ایم ایف کے ساتھ طے کردہ بینچ مارکس کے مطابق رکھے جائیں گے۔ذرائع کے مطابق ایف پی سی سی آئی اور ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز، تاجر تنظیموں سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے موصول ہونے والی بجٹ تجاویز کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ان تجاویز کی روشنی میں اگلے مالی سال کے لیے وفاقی بجٹ کے مسودے کی تیاری پر کام جاری ہے۔تجاویز کے تحت حکومت نے آئی ایم ایف کو نئے ترقیاتی منصوبوں کے لیے 10 فیصد تک فنڈز مختص کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔ذرائع کا نے بتایا کہ مالی مسائل کے باعث آئندہ مالی سال بھی ترقیاتی بجٹ محدود رکھنے کی تجویز ہے۔ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ نے پی ایس ڈی پی تین ہزار ارب روپے مختص کرنے کی تجویز مسترد کردی ہے۔مختلف وزارتوں اور ڈویژنز نے 300 سے زائد نئے منصوبوں کیلئے اضافی فنڈز مانگے ہیں، ان منصوبوں کی مجموعی لاگت سات ہزار ارب روپے ہے۔اگلے مالی سال کے وفاقی بجٹ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو ترجیح قرار دی گئی ہے۔

بقیہ 28

ظاہر کیا جا رہا ہے۔مہینے کا آغاز ہی طویل تعطیلات سے ہوگا، کیونکہ یوم مزدور یکم مئی کو جمعہ کے روز آ رہا ہے، اس کے ساتھ 2 اور 3 مئی (ہفتہ اور اتوار) کی تعطیلات شامل ہو کر سرکاری و نجی ملازمین کو مسلسل تین دن کی چھٹیاں فراہم کریں گی۔مہینے کے آخر میں عیدالاضحیٰ کے باعث مزید تعطیلات متوقع ہیں، اگر 17 مئی کو چاند نظر آ گیا تو عیدالاضحیٰ 27 سے 29 مئی کے درمیان متوقع ہے، اس صورت میں ہفتہ وار تعطیلات کے ساتھ ملا کر پانچ روزہ طویل وقفہ بن سکتا ہے۔تاہم اگر 17 مئی کو چاند نظر نہ آیا اور ذیقعد کے 30 دن مکمل ہوئے تو عیدالاضحیٰ 28 سے 30 مئی کے دوران منائی جاسکتی ہے، ایسی صورت میں اتوار، 31 مئی کی چھٹی بھی اس سلسلے میں شامل ہو جائے گی۔مزید یہ کہ اگر حکومت پیر، 25 مئی کو اضافی چھٹی کا اعلان کرتی ہے تو یہ 23 اور 24 مئی کے ہفتہ وار تعطیلات کے ساتھ مل کر ایک طویل چھٹیوں کا سلسلہ تشکیل دے سکتی ہے۔ذوالحج کے چاند کی رویت کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 17 مئی کو طلب کیا گیا ہے، جس کے بعد عیدالاضحیٰ کی حتمی تاریخوں کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ 29

کے دوران کارروائیوں میں 1125 گاڑیوں کو چیک کیا گیا، 38 گاڑیاں تھانوں میں بند کی گئیں جبکہ 1 لاکھ 90 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ یہ اقدامات عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ٹرانسپورٹ نظام کو محفوظ بنانے کے لیے کیے جا رہے ہیں اور اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 30

موسیقی اور ڈھول کی تھاپ پر تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔اگرچہ اس موقع پر قریبی عزیز غم کا اظہار بھی کرتے ہیں تاہم مجموعی ماحول جشن کا ہوتا ہے، جسے ماہرین غم اور خوشی کا منفرد امتزاج قرار دیتے ہیں۔تحقیقی رپورٹس (2022 تا 2025) کے مطابق ماضی میں میتوں کو لکڑی کے کھلے تابوت میں رکھا جاتا تھا تاہم آبادی میں اضافے اور قریبی مسلم آبادیوں کے اثرات کے باعث اب تدفین کا رجحان بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 31

ے صورتحال دیکھتے ہوئے پیٹرول دستیابی یقینی بنائی، ایران امریکہ جنگ بند ہوتی نظر نہیں آ رہی۔صورتحال دیکھتے ہوئے ہمیں اپنی تیاری اور ذخائر کو ترتیب دینا ہوگا، ڈیزل کا ہماری معیشت میں کلیدی کردار ہے، ڈیزل کی قیمت کا فارمولا 2002 سے قائم تھا، دنیا میں ڈیزل کی قیمت 100 ڈالر ہے تو کیا ہماری ریفائنریز 80 ڈالر پر دیں؟ ایسا نہیں چاہتے، ہماری ریفائنریز پرانی ہو چکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر طبقے سے اس کے حجم کے مطابق ٹیکس لینا ہے، ان ڈائریکٹ ٹیکسز سے دور جانا ہے، یہ مہنگائی کا باعث بنتے ہیں، ڈیزل کی قیمت کے فارمولے میں تبدیلی کسی دباؤ کا نتیجہ نہیں، ہم نے آئی ایم ایف سے ایک ماہ کیلئے لیوی کی رعایت لی تھی، فارمولے کے تحت ریفائنریز کو اپ گریڈ اور مکمل ڈی ریگولیشن کی طرف لے جانا ہے۔انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ پر ورکنگ گروپس بنے ہوئے ہیں، ہمارے پاس آئل کے اسٹریٹجک ذخائر موجود نہیں، ہمارے پاس کروڈ آئل 5 سے 7 دن کا ہوتا ہے، ہمارے پاس پیٹرول کے ایک دن کے بھی ذخائر موجود نہیں، ہمارے پاس ہر قسم کی ریسرچ اور پیپرز تیار ہیں، وزیراعظم اور سی ڈی ایف کے ساتھ طے کیا ہے کروڈ کیلئے 30 دن کا پروگرام بنایا جائے، ہم نے اپنی انرجی سکیورٹی کو بہتر کرنا ہے، ہم کمرشل ذخائر پر چلتے ہیں۔

بقیہ 32

آنے پر سپلائی کم ترین سطح پر آ گئی۔اس حوالے سے ذرائع نے کہا ہے کہ گیس کا شارٹ فال 600 ملین کیوبک فٹ سے تجاوز کر گیا ہے، گیس کی طلب کے مقابلے میں فراہمی کئی گنا کم کردی گئی اور گیس کی یومیہ سپلائی 1200 ملین کیوبک فٹ سے کم ہو کر صرف 700 ملین کیوبک فٹ رہ گئی ہے، جس کے باعث پاور اور کھاد سیکٹر کو گیس کی فراہمی میں بڑے پیمانے پر کٹوتی کی جارہی ہے، گھریلو صارفین کو بھی گیس کم فراہم کی جارہی ہے۔بتایا گیا ہے کہ گھروں میں گیس پریشر نہ ہونے سے شہری سخت پریشان ہیں کیوں کہ گھروں میں گیس پریشر نہ ہونے کے باعث شہری بازار سے کھانا خریدنے پر مجبور ہیں، جس سے مہنگائی میں ان کا گھریلو بجٹ شدید متاثر ہو رہا ہے، ادھر دوسری جانب گیس کی قلت کے باعث ملک بھر میں صنعتی سرگرمیاں بھی متاثر ہورہی ہیں۔

بقیہ 33

بجکر پینتالیس منٹ پر ہوگی جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے علاوہ نیشنل سیونگز کے کلائنٹس بھی موجود ہوں گے۔

بقیہ 34

نے بتایا کہ فاؤنڈیشن چینج میکر زپروگرامز بھی شروع کر رہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ تعلیم زندگیوں اور معاشروں کو بدلنے کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ اسکالرشپس طلبہ کو اپنی تعلیم پر توجہ مرکوز رکھنے اور قومی ترقی میں بامعنی کردار ادا کرنے کے قابل بنائیں گی۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات تعلیمی ماحول کو مضبوط بنانے اور مستحق طلبہ کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ زرعی یونیورسٹی باصلاحیت نوجوانوں کی تعلیمی راہ میں مالی رکاوٹوں کو حائل نہ ہونے دینے کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس وقت یونیورسٹی میں 7,500 سے زائد طلبہ مختلف اسکالرشپس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ڈائریکٹر فنانشل اسسٹنس ڈاکٹر نازیہ احسان نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد مستحق طلبہ کی معاونت کے لیے شفاف اور میرٹ پر مبنی اسکالرشپ نظام قائم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات نہ صرف طلبہ پر مالی بوجھ کم کرتے ہیں بلکہ انہیں تعلیمی میدان میں بہتر کارکردگی دکھانے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کی ترغیب بھی دیتے ہیں۔اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر وقار اکبر خان بھی موجود تھے۔

بقیہ 35

سے اندر جھانکنے پر انہوں نے اپنی اہلیہ کی لاش دیکھی جس پر فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی گئی۔اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچی جس نے لاش کو تحویل میں لے کر ضروری شواہد اکٹھے کیے اور تحقیقات کا آغاز کیا۔ابتدائی تفتیش کے دوران پولیس نے جدید تفتیشی طریقوں اور شواہد کی بنیاد پر کیس کو چند ہی گھنٹوں میں ٹریس کر لیا۔تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ مقتولہ کو اس کے دیور رضوان حیدر نے ذاتی رنجش کی بنا پر قتل کیا۔پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔پولیس کے مطابق مقتولہ کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ گرفتار ملزم کو مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 36

لیڈ عامر شہزاد نے واضح کیا کہ تنظیم کا مشن محض فلاحی سرگرمیوں تک محدود نہیں بلکہ ایک بااختیار اور باشعور معاشرے کی تشکیل ہے۔میڈیا کوآرڈینیٹر وقاص گل نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کے تعاون سے محروم طبقات کی آواز بننا اور ان تک تعلیمی ثمرات پہنچانا ہماری ترجیحات میں شامل ہے تاکہ نوجوان نسل کو مثبت مستقبل فراہم کیا جا سکے۔اس موقع پر عامر شہزاد نے ماحولیاتی چیلنجز پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں کلائمیٹ چینج کے حوالے سے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے لیے ہوپ پاکستان تعلیمی اداروں اور کمیونٹی کی سطح پر بھرپور مہم چلا رہی ہے۔مقررین نے اس عزم کو دہرایا کہ معاشرے کے پسماندہ طبقات کی بہتری کے لیے تعلیمی و سماجی سرگرمیوں کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے گا۔

بقیہ 37

رنہ میں ذبح خانہ نہ ہونے کی وجہ شہری مسائل کا شکار شہر کا ماحول آلودہ ہونے لگا بائی پاس روڈ پر سڑک پر ہی جانور ذبح کر کے ان کی الائشیں اور باقیات وہی پھینک دیئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے تعفن اور بدبو پھیل رہی ہے۔

بقیہ 38

بیان میں انہوں نے کہا کہ ٹیکس کی بلند شرح اور پیچیدہ نظام ٹیکس چوری اور غیر رسمی معیشت کو فروغ دے رہے ہیں، ٹرن اوور پر ٹیکس کاروبار دشمن ہے، یہ خسارے میں چلنے والی کمپنیوں پر بھی بوجھ ڈالتا ہے۔سپر ٹیکس کے خاتمے، کارپوریٹ ٹیکس میں کمی اور ٹیکس ریفنڈ کے نظام کو آسان بنانا وقت کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ مہنگی توانائی، خام مال کی بلند قیمتیں اور قرض تک محدود رسائی برآمدی شعبے کی کارکردگی متاثر کر رہی ہیں۔اسٹیٹ بینک کو پالیسی ریٹ میں اضافے میں جلدی نہیں کرنی چاہیے تھی، اس فیصلے کے معیشت میں حصہ ڈالنے والے شعبوں کیلئے منفی اثرات ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ مختلف وجوہات کی وجہ سے مارکیٹ میں سرمائے کی شدید قلت ہے جسے دور کرنے کیلئے کوئی واضح پالیسی سامنے نہیں آ رہی جس کی وجہ سے معیشت کی گروتھ متاثر ہورہی ہے۔

بقیہ 39

آگ پر قابو پالیا گیا، تاہم اس دوران گاڑی مکمل طور پر جل کر تباہ ہوگئی۔اس حوالے سے حکام نے مزید بتایا ہے کہ حادثے کے وقت گاڑی میں صرف ڈرائیور موجود تھا جو خوش قسمتی سے محفوظ رہا، یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور سابق وزیراعظم نواز شریف فضائیہ ہاؤسنگ سوسائٹی سے جاتی امراء واپس جا رہے تھے، گاڑی میں آگ لگنے کی حتمی وجوہات کا تعین کیا جا رہا ہے، ابتدائی تحقیقات سے پتا چلا ہے کہ متاثرہ گاڑی تکنیکی خرابی کے باعث اس سے پہلے دو مرتبہ ورکشاپ بھی بھیجی گئی تھی۔

بقیہ 40

رشتہ مانگتے تھے تو انہوں نے رشتہ دینے سے انکار کر دیا، گزشتہ روز حلیمہ بی بی' اپنی بیٹی مہوش اور بیٹے لاہوریا کے ہمراہ گدھا ریڑھی پر جارہی تھی کہ راستے میں ملزمان ندیم وغیرہ نے گھیر لیا اور لڑکی کو اٹھانے لگے تو مزاحمت پر فائرنگ کردی، گولیاں لگنے سے حلیمہ بی بی اور 8 سالہ لاہوریا بری طرح زخمی ہوگئے تو ملزمان لڑکی مہوش کو اغواء کر کے فرار ہو گئے، مضروبان کو طبی امداد کی غرض سے ہسپتال لایا گیا جہاں پر 8 سالہ لاہوریا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا، تاہم پولیس نے نعش کو تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتل اغواء کاروں کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 41

دوران لڑکی نے بیان دیا کہ وہ اپنے والدین یا شوہر کے ساتھ جانے کے بجائے اپنی مرضی سے دارالامان جانا چاہتی ہے۔لڑکی کے اس بیان کے بعد احاطہ عدالت میں جذباتی مناظر دیکھنے میں آئے، جہاں والدین شدت غم سے چیخ و پکار کرتے رہے اور زار و قطار روپڑے۔عدالت نے لڑکی کے بیان کو ریکارڈ پر لیتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ بالغ یا باشعور فرد کی مرضی کو قانون کے مطابق اہمیت حاصل ہے۔بعد ازاں عدالت نے لڑکی کو دارالامان بھجوانے کا حکم دیتے ہوئے بازیابی کی درخواست نمٹادی۔

بقیہ 42

کی طرف سے شہریوں کی سہولت کے لیے اوپن ڈور پالیسی پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جارہا ہے، ڈپٹی کمشنر نارووال روزانہ کی بنیاد پر مذہبی، سماجی اور صحافتی حلقوں سمیت شہریوں سے براہ راست ملاقات کرتے ہیں، اس دوران تمام شہری اپنے مسائل، شکایات اور درخواستیں پیش کرتے ہیں، جس پر ڈپٹی کمشنر نارووال کی جانب سے درخواست گزاران کی شکایات اور مسائل کو موقع پر ہی حل کیا جارہا ہے، ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس ضمن میں اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام افسران کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ وہ شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے عوام خدمت کے جذبے کے تحت اپنے فرائض سرانجام دیں۔اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر نارووال کا کہنا ہے کہ گڈ گورننس وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اولین ترجیح ہے اور عوام کے لیے میرے دفتر کے دروازے کھلے ہیں۔

بقیہ 43

موقع پر پہنچ گئی تاہم نوجوان جانبر نہ ہوسکا، ریسکیو اہلکاروں نے نعش لواحقین کے حوالے کر دی۔ترجمان ریسکیو 1122 نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کھلے پانی کے مقامات پر نہاتے یا مویشی نہلاتے وقت انتہائی احتیاط اور حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔

بقیہ 44

تنگ کی زندگی اور جدوجہد سے آگاہ کیا اور شاؤشان میں ان کے ابتدائی دور اور ان عوامل پر روشنی ڈالی جنہوں نے ان کی سیاسی سوچ کو تشکیل دیا۔صدر مملکت کو اس بات پر بھی بریفنگ دی گئی کہ اس طرح کے یادگاری ادارے تاریخی مواد کو محفوظ رکھنے اور چین کی انقلابی تاریخ سے متعلق عوامی آگاہی بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔اسٹیچو سکوائر پر ہونے والی تقریب کے بعد صدر مملکت نے ماؤ زے تنگ میموریل میوزیم کا دورہ کیا جہاں انہیں عوامی جمہوریہ چین کے بانی رہنما کی زندگی، فکر اور سیاسی ورثے سے متعلق آگاہ کیا گیا۔انہوں نے تاریخی نوادرات، ریکارڈ اور تصاویر دیکھیں جن میں چین کی انقلابی تاریخ کے اہم مراحل کو پیش کیا گیا تھا۔صدر آصف علی زرداری نے چیئرمین ماؤ زے تنگ کے چین کی تاریخی تبدیلی میں کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے عوامی جمہوریہ چین کی جدوجہد، اتحاد اور ترقی میں ان کی خدمات کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ ایسے مقامات کا تحفظ جدید چین کی تشکیل میں کردار ادا کرنے والے عوامل کو سمجھنے میں مدد اور قومی ترقی میں تاریخی شعور کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔صدر کے ہمراہ دیگر کے علاوہ سینئر سلیم مانڈوی والا، سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن، علی حسن بروہی، وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری و پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پراجیکٹس سید قاسم نوید قمر، چیف سیکرٹری سندھ، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی دونگ اور چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی بھی موجود تھے۔

بقیہ 45

آپٹیکل کوہرنس ٹوموگرافی کی گئی جس میں طبی بہتری دکھائی گئی۔جیل انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عمران خان کی رضامندی حاصل کرنے کے بعد اور معیاری نگرانی کے تحت آپریشن تھیٹر میں تمام معیاری احتیاطی تدابیر اور پروٹوکول کو اپناتے ہوئے انہیں سرجنز کی مائیکروسکوپی کی رہنمائی میں انٹراوٹریل انجیکشن کی چوتھی ڈوز لگائی گئی، یہ طریقہ کار ڈے کیئر سرجری کے طور پر انجام دیا گیا، جیل میں اپنے قیام کے دوران عمران خان طریقہ کار سے پہلے، اس کے دوران اور بعد میں کافی حد تک مستحکم رہے، مزید دیکھ بھال، مشورے اور دستاویزات کی پیروی کے لیے ہدایات کے ساتھ انہیں ڈسچارج کردیا گیا میڈیا رپورٹس میں باوثوق ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان میڈیکلی طور پر مکمل فٹ ہیں، 5 سینئر ڈاکٹرز پر مشتمل خصوصی بورڈ نے متعدد معائنوں کے بعد ایک صفحہ پر مشتمل میڈیکل رپورٹ تیار کی ہے، اس رپورٹ میں گزشتہ معائنوں سمیت کلینکل ٹیسٹ کی تفصیلات اور تجویز کردہ ہدایات شامل ہیں۔

بقیہ 46

مار کر موبائل فون چھین لیا' تھانہ نشاط آباد کے علاقہ 100 ج ب میں قاسم علی سے دو ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر نقدی چار ہزار روپے' موبائل فون چھین لیے' تھانہ پیپلز کالونی کے علاقہ النجف کالونی میں عبدالحسیب سے ڈاکوؤں نے 80 ہزار روپے' نقدی' موبائل فون چھین لیے' تھانہ سٹی جڑانوالہ کے علاقہ بینظیر پارک کے قریب عامر الیاس سے دو ڈاکوؤں نے موٹرسائیکل' نقدی' موبائل فون چھین لیے' 229 رب میں اصغر' اے بی سی روڈ سے اکمل سعید' پہاڑی گراؤنڈ بٹالہ کالونی کے باہر سے فاروق' الطاف پارک جڑانوالہ سے ملک ادریس' سٹی جڑانوالہ میں اشفاق کی موٹرسائیکلیں چوری کر لی گئیں' رضا آباد کے علاقہ توصیف انٹر پرائز ز ل کے سامنے الطاف قریشی' 7 ج ب میں احمد رسول' محلہ حیدر آباد میں صباء بی بی' الائیڈ ہسپتال سے رضوان' ماڈل ٹاؤن سے علی کامران' 565 گ ب کے خوشنود احمد' 48 گ ب میں شاہد علی' پنجاب ہاؤسنگ کالونی میں وقاص' 70 ج ب میں حمزہ' خالصہ کالج جڑانوالہ روڈ سے حسن' فیصل ہسپتال سے محمد حسین' 208 رب میں یاسر علی' علی ٹاؤن میں عمار' 37 گ ب میں اکرام ا'؟ 63 گ ب میں فیاض' 71 گ ب میں سجاد احمد' 23 گ ب میں اعظم خاں' 365 گ ب میں جہانزیب' 47 گ ب میں شوکت علی' 258 گ ب میں زاہد' 133 رب میں لیاقت علی' 145 گ ب میں انعام اللہ' 45 گ ب میں احمد یار اور لیاقت ٹاؤن میں اصغر علی کے گھروں' دکانوں' ڈیرہ کے تالے توڑ کر نقدی' طلائی زیورات' موبائل فون' ایل سی ڈی' لال پمپ' بیٹریاں' سولر پلیٹیں' مویشی بکرے اور دیگر سامان چوری کرلیا گیا اور دیگر وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ کر فرار ہو گئے، پولیس سماج دشمن عناصر کا سراغ نہ لگا سکی۔علاوہ ازیں لاری اڈا سے قیصر اعجاز' سول ہسپتال سے ذیشان خادم' مدن پورہ کے انس ندیم' ملت ٹاؤن کے شہزاد' وارث پورہ کے نعمان' جڑانوالہ کے بشیر احمد' سیالوی کالونی کے فضل احمد، علی ٹاؤن کے ہارون، 219 ر۔ب رانا ٹاؤن سے عارف، پیپلز کالونی کے احمد مجتبیٰ، کوہ نور سٹی سے دانش، گرین ٹاؤن سے خالد محمود، چھوٹا گھونہ کے عمر حسین، 103 ج ب کے صائم، جڑانوالہ کے مظاہر، 149 گ ب کے تنزیل، 275 گ ب کے ناصر محمود اور دیگر کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اڑے' پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہوں کا سراغ نہ لگا سکی۔

بقیہ 47

نہ صرف امتحانات کی شفافیت پر خدشات پیدا کیے ہیں بلکہ سکیورٹی انتظامات کی کمزوری بھی واضح کر دی ہے۔ویڈیوز میں کچھ مقامات پر حل شدہ امتحانی کاپیاں غیر متعلقہ افراد کے ہاتھوں میں دیکھی گئیں جس سے کاپیوں کی حفاظت اور امتحانی عمل کی ساکھ شدید خطرے میں پڑ گئی ہے۔مزید برآں نقل مافیا کے ساتھ سوشل میڈیا یا عناصر کی سرگرمیوں نے مسئلے کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔یہ تمام صورتحال اس وقت سامنے آئی ہے جب شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے جس کے تحت غیر متعلقہ افراد کے امتحانی مراکز میں داخلے پر پابندی ہونی چاہیے تاہم اس قانون پر موثر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔تعلیمی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ امتحانی نظام کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لیے فوری اور سخت اقدامات کیے جائیں تاکہ شفاف اور منصفانہ امتحانات کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 48

ہیں پیاسوں کی پیاس بجھانا عظیم صدقہ جاریہ ہے اور الخدمت فاؤنڈیشن اس مشن کو پورے جذبے کے ساتھ آگے بڑھا رہی ہے۔ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر عمر مرزا اور سینئر میڈیکل آفیسرز نے الخدمت فاؤنڈیشن کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں آنے والے غریب مریضوں کے لیے یہ ایک بہت بڑی راحت ہے۔تقریب میں اے پی ڈبلیو ایم او ڈاکٹر فرحت جبلیہ، ڈاکٹر سہیل اعجاز اعوان، ڈاکٹر ظہیر نذیر، چیف ٹیکنیشن لیب قاضی امتنان الرشید، اور امیر جماعت اسلامی پی پی 8 زاہد قریشی سمیت چوہدری عابد ایڈووکیٹ، راجہ عبدالجلیل کیانی، مرزا وقاص ایڈووکیٹ اور دیگر مکاتب فکر کے افراد نے شرکت کی، شرکاء نے الخدمت فاؤنڈیشن کے فلاحی کاموں کو معاشرے کے لیے ایک روشن اور قابل تقلید مثال قرار دیا۔تقریب کے اختتام پر مرحومین بالخصوص بیگم اور شیخ انصر محمود کے بلندی درجات کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سماجی بہتری کے لیے ایسے فلاحی کاموں کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہنا چاہیے۔

بقیہ 49

اہداف اور وصولیوں کا تقابلی تجزیہ پیش کیا گیا۔چیئرمین پی آر اے نے فیلڈ فارمیشنز کو ڈیجیٹلائزیشن، ای فائلنگ اور ڈیٹا بیس کے موثر استعمال سے ٹیکس وصولی بڑھانے اور آئندہ مہینوں کیلئے واضح اہداف مقرر کرتے ہوئے کہا کہ کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ ٹیکس کلچر کے فروغ اور کیش لیس اکانومی بارے عوامی آگاہی مہم کو تیز کیا جائے گا۔

بقیہ 50

نقلابی اسکالرشپ اور صحت پروگراموں کا آغاز کیا۔سونا ویلفیئر فاؤنڈیشن (SWF) نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کے اشتراک سے مضبوط صحت، بحالی اور جامع تعلیم کے نظام (Integrated Health, Rehabilitation and Inclusive Education Initiative) کا آغاز کیا ہے، جبکہ اورنج ٹری فاؤنڈیشن (OTF) کے تعاون سے OTFSWF x اسکالرشپ پروگرام بھی متعارف کرایا گیا ہے، جس کے تحت سندھ، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے طلبہ کو کسی بھی یونیورسٹی میں کسی بھی ڈگری پروگرام کے لیے مکمل فنڈڈ اسکالرشپس فراہم کی جائیں گی۔افتتاحی تقریب میں مینجنگ ڈائریکٹر اینڈ سی ای او، ایف ایف سی اور چیئرمین سونا ویلفیئر فاؤنڈیشن، جناب جہانگیر پراچہ، سی ای او، پی پی اے ایف، جناب نادر بارچ، سی ای او، گلوبل او ٹی ایف جناب عمر متین اللہ والا سمیت تینوں اداروں کی سینئر قیادت نے شرکت کی۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایئر کموڈور (ریٹائرڈ) سید فاروق احمد بخاری، چیف آپریٹنگ آفیسر (SWF) نے کہا: "یہ پروگرامز اس بنیادی اصول پر مبنی ہیں کہ کوئی بھی کاروبار اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتا جب تک اس کے اردگرد کی کمیونٹی کامیاب نہ ہو۔ان اقدامات کے ذریعے 236 ملین روپے کی سرمایہ کاری کرتے ہوئے ہم سندھ، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے نوجوانوں کو غربت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے درکار وسائل فراہم کر رہے ہیں۔یہ پروگرام تعلیمی معیار کی بہتری اور صحت و بحالی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ذریعے کمیونٹیز کو مضبوط بنائیں گے، اور بالآخر ایک زیادہ باہمت، خود کفیل اور پائیدار معاشرے کی تشکیل میں مددگار ثابت ہوں گے۔"ان اقدامات کے ذریعے سونا ویلفیئر فاؤنڈیشن اور اس کے شراکت دار مؤثر سماجی سرمایہ کاری میں ایک نمایاں معیار قائم کرتے ہوئے جامع تعلیم اور مربوط صحت کے فروغ کے ذریعے ایک روشن، زیادہ منصفانہ اور خوشحال مستقبل کی جانب پیش رفت جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 51

برقرار ہے۔ان کا کہنا ہے کہ ہمارا مطالبہ ہے عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو خاندان کے افراد کے ساتھ ذاتی ڈاکٹروں کی نگرانی میں علاج کے لیے ہسپتال منتقل کیا جائے کیوں کہ یہ ان کا بنیادی حق ہے اور ہم عرصہ دراز سے انہیں یہ بنیادی حق فراہم کیے جانے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 52

کی شناخت عالم شیر اور ہاشم کے نام سے ہوئی ہے۔سی سی ڈی کے مطابق حملہ آور ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جن کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔واقعے کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ علاقے میں سرچ آپریشن بھی شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 53

رہا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری ترسیلات مارچ میں 3.8 ارب ڈالر رہیں، روشن ڈیجیٹل سرمایہ کاری کا اہم ذریعہ ہے، مارچ میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں 260 ملین ڈالر آئے۔انہوں نے کہا کہ اپریل میں پاکستان نے بھاری بیرونی ادائیگیاں کیں، 75 کروڑ ڈالرز کا یورو بانڈ جاری کیا، مئی کے وسط میں 25 کروڑ ڈالرز کا پانڈا بانڈ جاری کرنے کا پلان ہے۔محمد اورنگزیب نے کہا کہ جون کے آخر تک زرمبادلہ ذخائر 18 ارب ڈالرز ہو جائیں گے، زرمبادلہ ذخائر 3 ماہ کی درآمدات کے مساوی ہوں گے۔وزیرخزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹل معیشت کا فروغ حکومت کی ترجیح ہے، وزیراعظم شہباز شریف ہر 2 ہفتے بعد اس پر اجلاس کرتے ہیں، ٹیرف اصلاحات بھی کی جا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ٹیرف رجیم، کسٹم ڈیوٹیز اور ریگولیٹری ڈیوٹیز میں کمی کی گئی ہے، پہلے سال خام مال اور درمیانی اشیا پر ڈیوٹیز میں کمی آئی ہے، توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور گردشی قرضے میں کمی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 54

ہوگی۔ایک انٹرویو میں وزیرمملکت برائے صحت نے کہا کہ پچھلے 20 سے 50 سال میں شہروں کی آبادی تیزی بڑھی۔اسلام آباد کی آبادی 4 لاکھ سے بڑھ کر 40 لاکھ تک پہنچ چکی۔لاہور اور کراچی میں بے ہنگم آبادی کے باعث انتظامی مسائل ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز دیہات میں سہولیات فراہم کر رہی ہیں تاکہ شہروں پر آبادی کا دباؤ کم ہو۔وزیرمملکت صحت نے کہا کہ ملک میں معاشی ترقی کی رفتار بڑھانے کیلئے آبادی کی رفتار گھٹانا ضروری ہے۔اس کے بغیر عوام کو خوراک، تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن نہیں۔مختار احمد بھرتھ نے کہا کہ پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے، ہر سال پاکستان میں تقریبا 60 لاکھ بچے پیدا ہوتے ہیں، بچوں کی پیدائش میں وقفہ ماں اور پورے خاندان کیلئے ضروری ہے، پاکستان میں چائلڈ سٹنٹنگ کی وجہ آبادی میں تیز رفتار اضافہ ہے۔

بقیہ 55

کسٹمز جنرل آرڈر (سی جی او) کی انٹری نمبر 938 کے تحت ہونے والی متنازع درجہ بندی ہے، جو کہ ڈرافٹ سی جی او نمبر 3 (جس کی 25 فروری 2025 کو نظرثانی کی گئی) کا حصہ ہے۔

بقیہ 56

آر ایس ایف پروگرام کے دوسرے جائزے کی بھی منظوری دی جائے گی۔بتایا گیا ہے کہ پاکستان آئی ایم ایف کی تمام شرائط پہلے ہی مکمل کر چکا ہے، حکومت نے آئی ایم ایف کو مالی نظم و ضبط جاری رکھنے کی یقین دہانی کروائی ہے، وزارت خزانہ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف شرائط کے تحت حکومت لیوی مزید بڑھانے پر غور کر رہی ہے، آئی ایم ایف نے حکومت پر سبسڈی ختم کرنے پر زور دیا، حکومت نے معیشت میں بہتری اور مہنگائی میں کمی کا دعویٰ کیا ہے، جس کے بعد پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان سٹاف لیول معاہدہ 27 مارچ کو طے پایا تھا۔دوسری طرف سٹیٹ بینک آف پاکستان نے شرح سود میں ایک فیصد اضافہ کر دیا، سٹیٹ بینک آف پاکستان نے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کیا، اس حوالے سے اہم اجلاس آج گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد کی سربراہی میں سٹیٹ بینک ہیڈ آفس کراچی میں ہوا، جس میں مشرق وسطی کی جنگ کے تناظر میں معاشی اعشاریوں کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں سٹیٹ بینک نے شرح سود میں ایک فیصد اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا جس کے نتیجے میں شرح سود 11.5 فیصد ہوگئی، 22 ماہ کے بعد پہلی مرتبہ شرح سود میں اضافہ کیا گیا۔

بقیہ 57

ل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں پی ایچ اے، واسا، بیوٹیفکیشن، پارکس، گرین بیلٹس، واسا کے پی ڈی پی پراجیکٹ اور سیوریج سے متعلق درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی چودھری محمد ارشد اور ایم ڈی واسا ابو بکر عمران نے جاری منصوبوں کی پیشرفت، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی۔کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی کو مزید بہتر بنانے کے لیے بیوٹیفکیشن اور گرین بیلٹس کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جائے جبکہ پارکس کی بحالی اور عوام کو بہتر تفریحی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے واسا حکام کو ہدایت جاری کی کہ سیوریج کے مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں اور پی ڈی پی پراجیکٹ کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے کمشنر حافظ شوکت علی نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 58

کی محنت، دیانت داری اور ادارے کے لیے گراں قدر خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔تقریب کے دوران محمد یاسین کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی جبکہ ساتھیوں کی جانب سے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور تحائف بھی پیش کیے گئے۔آخر میں محمد یاسین نے اپنے ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔تقریب کے اختتام پر شرکاء کے لیے کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔

بقیہ 59

ل رکھی جائیں۔اجلاس میں ریلیف سامان (خیمے، راشن، ادویات) کی دستیابی، مشینری کی فعالیت اور ریسکیو ٹیموں کی تیاری کا بھی جائزہ لیا گیا۔شہری علاقوں میں اربن فلڈنگ سے نمٹنے کے لیے سیوریج و ڈرینج سسٹم کی صفائی اور ڈی واٹرنگ مشینری کی تعیناتی کی ہدایت کی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 60

کشوں کا دن ہے اور یہ محنت کش انسانی ترقی اور تمدن کی تاریخی بنیاد ہیں۔یوم مزدور یکم مئی کے حوالے سے تقریبات اور سیمیناروں کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔

بقیہ 61

میں گاڑیوں اور آٹو پارٹس کی عارضی درآمد کی اجازت دے دی گئی۔بتایا گیا ہے کہ اقتصادی رابطہ کمیٹی اجلاس میں کمیٹی نے جبری مشقت سے تیار اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد کردی ہے، ای سی سی نے گدھے کا گوشت اور کھالیں چین برآمد کرنے کی منظوری دے دی، اجلاس میں بلوچستان میں تعینات افسران کیلئے خصوصی مراعاتی پیکیج بھی متعارف کروایا گیا، اقتصادی رابطہ کمیٹی کی جانب سے ہاکی ٹیم کیلئے 3 کروڑ روپے انعام اور نیب میں ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کیلئے 37 کروڑ 20 لاکھ روپے رکھنے کی بھی منظوری دی گئی۔یاد رہے کہ گزشتہ برس اسلام آباد کے علاقہ ترنول میں 50 سے زائد گدھے اور 25 من گوشت برآمد ہوا تھا، جہاں گدھوں کے گوشت کیلئے سلاٹر ہاؤس بنایا گیا تھا، سلاٹر ہاؤس میں گدھے ذبح کر کے گوشت کولڈ سٹوریج میں رکھا جاتا تھا، گوشت کا ایک حصہ پاکستان میں غیر ملکی باشندوں کو بھجوایا جاتا تھا، گدھے کی کھالیں اور گوشت بیرون ملک بھی سپلائی کیا جاتا تھا۔

ایران امریکہ جنگ بند ہوتی نظر نہیں آ رہی

ہمارے پاس پٹرول کے ایک دن کے بھی ذخائر موجود نہیں؛ علی پرویز ملک

ڈیزل قیمت کے فارمولے میں تبدیلی کسی دباؤ کا نتیجہ نہیں، آئی ایم ایف سے ایک ماہ کیلئے لیوی کی رعایت لی تھی

لاہور (یواین پی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ایران امریکہ جنگ بند ہوتی نظر نہیں آ رہی، ہمارے پاس آئل کے اسٹریٹجک ذخائر موجود نہیں، ہمارے پاس کروڈ آئل 5 سے 7 دن کا ہوتا ہے، ہمارے پاس پیٹرول کے ایک دن کے بھی ذخائر موجود نہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ تاریخ میں کبھی دبئی کروڈ کی قیمت 170 ڈالر پر نہیں گئی، وزیراعظم نے عوام کی تکلیف کم کرنے کی کوشش کی، وفاقی حکومت نے سبسڈی دینے کی کوشش کی، وزیراعظم (بقیہ نمبر 31)

1500 روپے کے پرائز بانڈز کی 106 ویں قرعہ اندازی 15 مئی کو ہو

فیصل آباد (یواین پی) 1500 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی 106 ویں قرعہ اندازی سیالکوٹ میں سٹیٹ بینک آف پاکستان کے بینکنگ ہال میں منعقد ہو گی۔ نیشنل سیونگز ریجنل ڈائریکٹر گوجرانولہ نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ شیڈول کے مطابق 1500 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی 15 مئی کو صبح آٹھ (بقیہ نمبر 33)

ملک میں گیس کا بحران شدید، سپلائی کم ترین سطح پر آ گئی، گیس پریشر نہ ہونے پر شہری پریشان

گیس کا شارٹ فال 600 ملین کیوبک فٹ سے تجاوز کر گیا، گیس کی یومیہ سپلائی 1200 ملین کیوبک

کراچی (یواین پی) ملک میں گیس کا بحران شدید ہو چکا ہے کیوں کہ سپلائی کم ترین سطح پر آ گئی ہے، گیس پریشر نہ ہونے پر شہری پریشان ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مشرق وسطیٰ کشیدگی کے باعث آر ایل این جی سپلائی متاثر ہونے سے گیس کی کمی سے صورتحال مزید خراب ہو چکی ہے اور ملک میں آر ایل این جی کے موجودہ ذخائر میں تیزی سے کمی (بقیہ نمبر 32)

ایک لوہار اپنی ورکشاپ پر درانتی تیار کرنے میں مصروف ہے۔

اللہ والے فاؤنڈیشن کے وفد کا زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ

فیصل آباد (یواین پی) اللہ والے فاؤنڈیشن کے وفد نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی سے ملاقات کی۔ وفد میں خالد محمود منیجنگ ڈائریکٹر اینو پیرو سلوشنز جبکہ محمد حمزہ، فوکل پرسن اسکالرشپ پروگرام اللہ والے فاؤنڈیشن شامل تھے۔ خالد محمود نے کہا کہ فاؤنڈیشن زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلبہ کے لیے 100 اسکالرشپس فراہم کر رہی ہے جن میں ٹیوشن فیس، رہائش، میس اور وظیفہ شامل ہیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 34)

گرین ٹاؤن میں خاتون کو گلہ کاٹ کر قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا

مقتولہ مقدس بی بی کو اس کے دیور رضوان حیدر نے ذاتی رنجش کی بنا پر قتل کیا

لاہور (یواین پی) گرین ٹاؤن میں خاتون کے بہیمانہ قتل کیس میں پولیس نے چند گھنٹوں میں اہم پیشرفت کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ مقدس بی بی کو نامعلوم افراد نے چھریوں کے وار کر کے قتل کیا تھا۔ واقعے کی اطلاع اس وقت ملی جب مقتولہ کے شوہر محمد حنیف گھر پہنچے تو مرکزی دروازے پر تالا لگا ہوا تھا۔ کھڑکی (بقیہ نمبر 35)

کھوئی رٹہ میں ذبح خانہ نہ ہونے کے باعث ماحول آلودہ

کھوئی رٹہ (یواین پی) کھوئی رٹہ میں ذبح خانہ نہ ہونے کے باعث ماحول میں آلودگی پھیلنے لگی بائی پاس روڈ پر جانور ذبح ہونے کی وجہ سے بدبو اور تعفن پھیلنے لگا پیدل چلنا محال ہو گیا الائشوں اور جانوروں کی باقیات کی وجہ سے بائی پاس روڈ آوارہ کتوں، کیڑوں اور پرندوں کی خوراک کا اڈا بن گیا مختلف بیماریاں پھیلنے کا خدشہ شہریوں کا ذبح خانہ بنانے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق کھوئی (بقیہ نمبر 37)

سماجی ترقی، تعلیمی شعور اور ماحولیاتی تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا گیا

محروم طبقات کی آواز بننا اور ان تک تعلیمی ثمرات پہنچانا ہماری ترجیحات میں شامل ہے

راولپنڈی (رضوان چوہان سے) ہیومینیٹیرین آرگنائزیشن فار پاورٹی اریڈیکیشن (HOPE Pakistan-Worldwide) کے زیرِ اہتمام منعقدہ خصوصی تقریب میں سماجی ترقی، تعلیمی شعور اور ماحولیاتی تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم کے میڈیا کوآرڈینیٹر وقاص گل اور کلائمیٹ چینج اینڈ سوشل ایجوکیشن (بقیہ نمبر 36)

فیصل آباد رشتہ سے انکار کرنے پر مسلح افراد مزاحمت کرنے پر ماں بیٹے کو گولیاں مار کر لڑکی

فیصل آباد (یواین پی) رشتہ سے انکار کرنے پر مسلح افراد نے مزاحمت کرنے پر ماں بیٹے کو گولیاں مار کر لڑکی کو اغواء کر کے فرار ہو گئے، 8 سالہ لڑکا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا ستیانہ پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتلوں کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق 31 گ ب کی رہائشی حلیمہ بی بی نے بتایا کہ اس کے عزیز ندیم کیلئے اسکی بیٹی مہوش کا (بقیہ نمبر 40)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے پروٹوکول کی گاڑی میں اچانک آگ لگ گئی

واقعہ اس وقت پیش آیا جب وزیراعلیٰ پنجاب اور سابق وزیراعظم نواز شریف فضائیہ ہاؤسنگ

لاہور (یواین پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے پروٹوکول کی گاڑی میں اچانک آگ لگ گئی، جس کے نتیجے میں بی ایم ڈبلیو مکمل تباہ ہو گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ صوبائی دارالحکومت لاہور میں رنگ روڈ پر پیش آیا جہاں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے پروٹوکول میں شامل ایک بی ایم ڈبلیو گاڑی آگ لگنے کے باعث مکمل طور پر تباہ ہو گئی، ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور فوری فائر فائٹنگ کے ذریعے (بقیہ نمبر 39)

سیالکوٹ کے نواح میں 16 سالہ نوجوان تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

سیالکوٹ (یواین پی) سیالکوٹ کے علاقہ بھاڈیوالہ میں جندو سائیں تا ڈسکہ روڈ پر تالاب میں ڈوبنے سے 16 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا، ریسکیو 1122 سیالکوٹ کے مطابق طیب ولد فیاض بھینسوں کو نہلاتے ہوئے پاؤں پھسلنے کے باعث تالاب میں گر کر ڈوب گیا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم (بقیہ نمبر 43)

ہائیکورٹ نے والدین اور شوہر کیساتھ جانے سے انکار پر لڑکی کو دارالامان بھجوا دیا

لڑکی کے بیان پر والدین احاطہ عدالت میں چیخ و پکار کرتے رہے

لاہور (یواین پی) لاہور ہائیکورٹ نے بازیابی کیس میں والدین اور شوہر کے ساتھ جانے سے انکار پر لڑکی کو دارالامان بھجوا دیا، لڑکی کے بیان پر والدین احاطہ عدالت میں چیخ و پکار کرتے رہے اور شدتِ غم سے رو پڑے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود باجوہ نے شہری ثناءاللہ کی جانب سے اپنی بیٹی آمنہ بی بی کی بازیابی کے لئے دائر درخواست پر سماعت کی۔ پولیس نے مغویہ لڑکی کو بازیاب کر کے عدالت کے روبرو پیش کیا۔ عدالتی کارروائی کے (بقیہ نمبر 41)

نارووال اوپن ڈور پالیسی نافذ، شہریوں کے مسائل فوری حل

ڈپٹی کمشنر نارووال کے ساتھ ساتھ اسسٹنٹ کمشنرز کی طرف سے بھی اوپن ڈور پالیسی جاری

نارووال (یواین پی) نارووال اوپن ڈور پالیسی نافذ، شہریوں کے مسائل فوری حل؛ طیب خان، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن گڈ گورننس اور عوامی خدمت کے اقدامات کے حوالے سے روزانہ کی بنیاد پر ڈپٹی کمشنر نارووال کے ساتھ ساتھ اسسٹنٹ کمشنرز کی طرف سے بھی اوپن ڈور پالیسی جاری ہے، اس ضمن میں ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان (بقیہ نمبر 42)



إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

CONDOLENCE NOTICE

It is with deep sorrow that we announce the sad demise of

Dr. Kamran Waheed Khawaja,
son of Dr. Waheed Ud Din Khawaja,
and beloved brother of
Khaqan Waheed Khawaja,
Chairman Rawal Institute of Health Sciences.

He leaves behind a grieving family including his brothers,
Armaghun Waheed Khawaja
and Manzar Waheed Khawaja,
and his son, Faisal Kamran.

The funeral prayers will be offered tomorrow 30th April Thursday at 11:00 AM sharp at H-11 Graveyard near Police Line, Islamabad.

We extend our heartfelt condolences to the bereaved family and pray that Almighty Allah grants the departed soul eternal peace and gives strength to the family to bear this irreparable loss.

فوری ضرورت

Daily Awami Lalkaar روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

راولپنڈی: ایم ڈی ایف ایف سی جہانگیر پراچہ اور دیگر شرکاء سونا ویلفیئر فاؤنڈیشن کے تحت نئے اسکالرشپ اور صحت پروگراموں کی افتتاحی تقریب کے موقع پر۔ راولپنڈی: ایم ڈی ایف ایف سی جہانگیر پراچہ اور دیگر شرکاء سونا ویلفیئر فاؤنڈیشن کے تحت نئے اسکالرشپ اور صحت پروگراموں کی افتتاحی تقریب کے موقع پر۔

سونا ویلفیئر فاؤنڈیشن کا او ٹی ایف اور پی پی اے ایف کے اشتراک سے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں تاریخی اقدامات کا اعلان

راولپنڈی (محمد فیصل ندیم سے) سونا ویلفیئر فاؤنڈیشن (SWF)، جو ایف ایف سی کی عملدرآمدی شراکت دار تنظیم ہے، کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے متنوع اقدامات کے ذریعے قومی ترقی کے فروغ میں مسلسل کردار ادا کر رہی ہے۔ اپنی جاری کاوشوں کو مزید وسعت دیتے ہوئے، آج ایس ڈبلیو ایف نے 236 ملین روپے مالیت کے دو ا (بقیہ نمبر 50)

پنجاب ریونیو اتھارٹی کا ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنانے

میں خرد برد کرنے والوں کی مانیٹرنگ کو مزید سخت اور انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز بڑھائے جائینگے

لاہور (یواین پی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنانے کا فیصلہ کر لیا، ٹیکس ادائیگی میں خرد برد کرنے والوں کی مانیٹرنگ کو مزید سخت اور انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز بڑھائے جائیں گے۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیرصدارت ریونیو اہداف بارے جائزہ اجلاس ہوا جس میں سروسز سیکٹر سے ریونیو اہداف کے حصول کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس موجودہ مالی سال کے مقررہ ٹیکس (بقیہ نمبر 49)

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت، اورنگزیب خان کھچی، نیپال کی سفیر محترمہ ریٹا ڈھتال کو خیر سگالی کے طور پر روایتی ثقافتی شال پیش کر رہے ہیں۔

الخدمت فاؤنڈیشن نے ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان میں واٹر کولر نصب کر دیا

12 سالہ سفر روزانہ ہزاروں مریضوں کو پینے کے صاف پانی کی بلا معاوضہ فراہمی جاری

ہسپتال میں واٹر کولر کی تنصیب، راجہ محمد جواد کا الخدمت کی فلاحی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین

گوجرخان (قمر شہزاد) الخدمت فاؤنڈیشن گوجرخان نے دکھی انسانیت کی خدمت کی اپنی دیرینہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان میں مریضوں اور ان کے تیمارداروں کی سہولت کے لیے جدید واٹر کولر نصب کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک پروقار دعائیہ تقریب ہسپتال کے احاطے میں منعقد ہوئی، جس میں شہر کی ممتاز سیاسی، سماجی اور طبی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی، راجہ محمد جواد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کی بے لوث خدمات کسی تعارف کی محتاج نہیں ہیں ہسپتال میں گزشتہ 12 سال سے قائم واٹر فلٹریشن پلانٹ کے ذریعے روزانہ ہزاروں مریض اور شہری کسی تفریق کے بغیر پینے کا صاف اور ٹھنڈا پانی حاصل کر رہے (بقیہ نمبر 48)

کراچی کے امتحانات مذاق بن گئے، سینٹرز میں ٹک ٹاکرز کی انٹری

ویڈیوز میں کچھ مقامات پر حل شدہ امتحانی کاپیاں غیر متعلقہ افراد کے ہاتھوں میں دیکھی گئیں

کراچی (یواین پی) کراچی میں میٹرک کے سالانہ امتحانات کے دوران سیکیورٹی اور نظم و ضبط کی صورتحال پر سنگین سوالات اٹھنے لگے ہیں جہاں امتحانی مراکز میں غیر متعلقہ افراد کی آزادانہ آمد و رفت معمول بنتی جا رہی ہے۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بعض ٹک ٹاکرز امتحانی سینٹرز کے اندر داخل ہو کر ویڈیوز بنانے میں مصروف نظر آئے جس سے حساس امتحانی ماحول متاثر ہو رہا ہے، اس صورتحال نے (بقیہ نمبر 47)

ڈپٹی کمشنر حسنین احمد رضا چوہدری محکمہ تعمیرات کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ

70 سے زائد مقامات پر وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ

فیصل آباد (یواین پی) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری 70 سے زائد مقامات پر وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں روپے نقدی، طلائی زیورات، موبائل فونز، قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے جبکہ متعدد شہریوں کو موٹر سائیکلوں اور رکشوں سے محروم کر دیا گیا۔ تفصیل کے مطابق تھانہ سرگودھا روڈ کے علاقہ مہندی محلہ پھاٹک کے قریب گلفام سے دو ڈاکوؤں نے چھینا (بقیہ نمبر 46)

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران معرکہ حق بنیان المرصوص کی ایک سالہ تکمیل پر عباسیہ کیمپس میں پرچم کشائی کر رہے ہیں۔

عمران خان کی آنکھ کے علاج کیلئے انجیکشن کی چوتھی ڈوز لگا دی گئی

سابق وزیراعظم طبی لحاظ سے مستحکم پائے گئے، ان کی آنکھ کے ٹیسٹ میں طبی بہتری دکھائی گئی

راولپنڈی (یواین پی) سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کی آنکھ کے علاج کیلئے انجیکشن کی چوتھی ڈوز لگا دی گئی اور طبی معائنہ کے بعد انہیں دوباہ اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ پمز انتظامیہ کی جانب سے جاری پریس بریف کے مطابق عمران خان کو 28 اپریل 2026ء کو آنکھوں کے علاج کے لیے پمز لایا گیا جہاں انہیں انٹراوٹریل انجکشن کی چوتھی ڈوز لگائی گئی، طریقہ کار سے پہلے ماہرین امراض چشم نے ان کا معائنہ کیا، عمران خان طبی لحاظ سے مستحکم پائے گئے، ان کی (بقیہ نمبر 45)

صدر مملکت آصف علی زرداری کا چینی رہنما ماؤ زے تنگ کے آبائی شہر شاؤشان کا دورہ صدر

صدر مملکت کا استقبال سینئر پارٹی رہنما لی جیانگ اور ڈائریکٹر شاؤشان ایڈمنسٹریشن ژانگ شی ہوئی

شاؤشان (یواین پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین میں چیئرمین ماؤ زے تنگ کے آبائی شہر شاؤشان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اسٹیچو سکوائر میں چیئرمین ماؤ کے مجسمے پر گلدستہ رکھا اور چینی انقلابی رہنما کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ منگل کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت کا استقبال سینئر پارٹی رہنما لی جیانگ اور ڈائریکٹر شاؤشان ایڈمنسٹریشن ژانگ شی ہوئی نے کیا۔ انہوں نے صدر مملکت کو چیئرمین ماؤ زے (بقیہ نمبر 44)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پی ٹی آئی کا عمران خان کے سرکاری علاج پر عدم اعتماد برقرار

ہمارا مطالبہ ہے عمران خان اور بشریٰ بی بی کو ہسپتال منتقل کیا جائے جہاں وہ اپنے ذاتی معالجین کی زیرِ نگرانی ہوں

اور ان کے اہلخانہ بھی ساتھ موجود ہوں؛ چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا بیان

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان تحریک انصاف کا پارٹی کے بانی چیئرمین عمران خان کے سرکاری علاج پر عدم اعتماد برقرار ہے۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ مجھے ابھی تصدیق ہوئی ہے کہ عمران خان کو کل رات آنکھ کے انجیکشن اور میڈیکل چیک اپ کے لیے پمز لے جایا گیا تھا، میں مزید کہوں گا کہ علاج خواہ کچھ بھی ہو ہماری تشویش اپنی جگہ (بقیہ نمبر 51)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے۔

چوہنگ میں سی سی ڈی کا مبینہ مقابلہ، دو زیرحراست ملزمان ہلاک

لاہور (یواین پی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے چوہنگ میں کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلہ کے نتیجے میں دو زیرحراست ملزمان ہلاک ہو گئے۔ سی سی ڈی کے مطابق ملزمان کو ریکوری کے لیے سندر کے علاقے میں لے جایا جا رہا تھا کہ اسی دوران ان کے ساتھیوں نے سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ کر دی، جوابی کارروائی میں کراس فائرنگ کے دوران زیرحراست دونوں ملزمان ہلاک ہو گئے۔ ہلاک ہونے والے ملزمان (بقیہ نمبر 52)

معیشت بہتری کی جانب گامزن، پاکستان میں میکرو استحکام ہے، محمد اورنگزیب

جون کے آخر تک زرمبادلہ ذخائر 18 ارب ڈالرز ہو جائیں گے

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے، پاکستان میں میکرو استحکام ہے۔ اسلام آباد میں ای یو پاکستان بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ جی ڈی پی 4 فیصد تک رہنے کی امید ہے، مارچ میں کرنٹ اکاؤنٹ ایک ارب ڈالر سے زائد سرپلس (بقیہ نمبر 53)

پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی جانب منتقلی کا پرجوش منصوبہ مشکلات کا

کراچی (یواین پی) پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی جانب منتقلی کا پرجوش منصوبہ مشکلات کا شکار ہو کر رہ گیا ہے۔ پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں (ای ویز) کی جانب منتقلی کا پرجوش منصوبہ مشکلات کا شکار ہے، کیونکہ نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز نے الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ انفرااسٹرکچر کی درآمد اور تنصیب میں حائل ریگولیٹری رکاوٹوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس مسئلے کی بنیاد (بقیہ نمبر 55)

دو ہزار پچاس تک پاکستان کی آبادی پچاس کروڑ تک پہنچنے کا خدشہ

بچوں کی پیدائش میں وقفہ ماں اور پورے خاندان کیلئے ضروری ہے

کراچی (یواین پی) وزیرمملکت برائے صحت مختار احمد بھرتھ نے 2050 تک پاکستان کی آبادی 50 کروڑ تک پہنچنے کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ کہا آبادی کے سیلاب کے سامنے بند نہ باندھا تو آنے والے برسوں میں یہ ملکی وسائل کو مزید تیزی سے بہا کر لے جائے گا۔ اور یہ صرف حکومتی اقدامات سے ممکن نہیں۔ عوام کو بھی اپنے حصے کی ذمہ داری نبھانا (بقیہ نمبر 54)

تمام شرائط مکمل پاکستان کیلئے 1.2 ارب ڈالر قسط منظور ہونے کا امکان

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان سٹاف لیول معاہدہ 27 مارچ کو طے پایا تھا

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اہم اجلاس طلب کر لیا گیا

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نیویارک (یواین پی) عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کا اہم اجلاس طلب کر لیا گیا جس میں پاکستان کے لیے قرض کی اگلی قسط کی منظوری کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کیلئے 1.2 ارب ڈالر کی اگلی قسط کی منظوری کے لیے آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 8 مئی کو طلب کر لیا گیا ہے، ایگزیکٹو بورڈ اجلاس میں پاکستان کیلئے توسیعی فنڈ سہولت پروگرام کے تحت تیسرے اقتصادی جائزے کی منظوری متوقع ہے، اجلاس میں موسمیاتی تبدیلی کے (بقیہ نمبر 56)

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

شہری سہولیات اور ترقیاتی امور سے متعلق مختلف اہم شعبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

سرگودھا (طارق محمود قاسمی سے) کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی اجلاس۔ کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیرصدارت ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں شہری سہولیات اور ترقیاتی امور سے متعلق مختلف اہم شعبو (بقیہ نمبر 57)

برائلر گوشت، فارمی انڈوں کی قیمت مستحکم

لاہور (یواین پی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 511 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 353 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 246 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ دوسری جانب اوپن مارکیٹوں میں بعض مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے

گورنر پنجاب سیکرٹریٹ میں محمد یاسین کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب

محمد یاسین کی ریٹائرمنٹ پر پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا

لاہور (افضال احمد خان) گورنر پنجاب سیکرٹریٹ میں محمد یاسین کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک پروقار الوداعی تقریب (فیئر ویل پارٹی) کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں سیکرٹریٹ کے افسران اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور محمد یاسین کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ٹو گورنر پنجاب طارق محمود اور ڈپٹی سیکرٹری ٹو گورنر پنجاب محترمہ ظلِ ہما اور سیکشن آفیسر جمشید خان نے خصوصی شرکت کی۔ آفیسران کا کہنا تھا کہ محمد یاسین (بقیہ نمبر 58)

گورنر پنجاب سیکرٹریٹ میں محمد یاسین کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب؛ ایڈیشنل سیکرٹری طارق محمود، ڈپٹی سیکرٹری ظلِ ہما اور جمشید خان محمد یاسین کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کی زیرصدارت سیلاب سیزن 2026 کی تیاریوں کا جائزہ اجلاس

سرگودھا (طارق محمود قاسمی) ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کی زیر صدارت سیلاب سیزن 2026 اور پری فلڈ تیاریوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122 و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے اقدامات، ریسکیو و ریلیف انتظامات، مشینری اور حساس علاقوں کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام محکمے ہائی الرٹ رہیں، پری فلڈ چیک لسٹ مکمل کریں اور دریا، ندی نالوں کی مسلسل مانیٹرنگ یقینی بنائیں۔ نشیبی علاقوں کی نشاندہی اور حفاظتی اقدامات بروقت کیے جائیں جبکہ ضلعی کنٹرول روم اور ہیلپ لائنز 24 گھنٹے فعا (بقیہ نمبر 59)

حکومت نے گدھے کا گوشت اور کھالیں چین برآمد کرنے کی منظوری دیدی

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا،

اجلاس کے دوران کمیٹی ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی اور قیمتوں میں استحکام پر اطمینان کا اظہار کیا

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی حکومت نے گدھے کا گوشت اور کھالیں چین برآمد کرنے کی منظوری دیدی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وفاقی کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کی جانب سے گدھے کا گوشت اور کھالیں چین برآمد کرنے کی منظوری دی گئی ہے، اس سلسلے میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیرصدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس کے دوران اقتصادی رابطہ کمیٹی نے ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی اور قیمتوں میں استحکام پر اطمینان کا اظہار کیا، اجلاس (بقیہ نمبر 61)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم مزدور یکم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے طور پر منایا جائیگا

اس دن کو منانے کا مقصد امریکا کے شہر شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرنا

لاہور (یواین پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم مزدور یکم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے طور پر منایا جائے گا۔ اس دن کو منانے کا مقصد امریکا کے شہر شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرنا اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنا ہے۔ انسانی تاریخ میں محنت و عظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن یکم مئی ہے۔ 1886ء میں شکاگو میں سرمایہ دار طبقے کے خلاف اٹھنے والی آواز، اپنا پسینہ بہانے والی طاقت کو خون میں نہلا دیا گیا، مگر ان جاں نثاروں کی قربانیوں نے محنت کشوں کی توانائیوں کو بھرپور کر دیا۔ مزدوروں کا عالمی دن کارخانوں، کھیتوں کھلیانوں، کانوں اور دیگر کارگاہوں میں سرمائے کی بھٹی میں جلنے والے لاتعداد محنت (بقیہ نمبر 60)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035